★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | ہفتہ 16 شعبان المعظم 1446ھ، 15 فروری 2025ء 3 پھاگن 2081پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 115

ہرنائی کان کنوں کی گاڑی کے قریب دھماکہ 11 مزدور جاں بحق 7 زخمی

ہرنائی کے علاقے شاہرگ میں کوئلے کی کان میں کام کرنے والے مزدوروں کی گاڑی کے قریب دھماکا ہوا جس میں متعدد افراد زخمی ہو گئے

دھماکے میں زخمی ہونے والے متعدد زخمیوں کی حالت تشویشناک ہے، قانون نافذ کرنے والے ادارے کے اہلکار بھی موقع پر پہنچ گئے



ہرنائی، بلوچستان کے ضلع ہرنائی کے علاقے شاہرگ میں دھماکے کی جگہ پر لوگ جمع ہیں

ہرنائی (این این آئی) بلوچستان کے ضلع ہرنائی کے علاقے شاہرگ میں دھماکے سے 11 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق ہرنائی کے علاقے شاہرگ میں کوئلے کی کان میں کام کرنے والے مزدوروں کی گاڑی کے قریب دھماکا ہوا جس میں متعدد افراد زخمی ہو گئے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ دھماکے میں زخمی ہونے والے متعدد زخمیوں کی حالت تشویشناک ہے، قانون نافذ کرنے والے ادارے کے اہلکار بھی موقع پر پہنچ گئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

ہرنائی کی تحصیل شاہرگ میں دھماکہ چیئرمین اور ڈپٹی چیئرمین سینٹ کی شدید مذمت

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی اور ڈپٹی چیئرمین سینٹ سید دال خان نے ہرنائی کی تحصیل شاہرگ میں کوئلے کی کان میں ہونے والے دھماکے کی شدید (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

ترک صدر رجب طیب اردوان پاکستان کا دورہ مکمل کر کے وطن واپس روانہ

نور خان ائیربیس پر وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پرتپاک انداز میں رخصت کیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور ترکیے کا تجارتی حجم 5 ارب ڈالرز تک بڑھانے اور دوطرفہ تعلقات کو اسٹریٹجک شراکت داری میں بدلنے کا عزم لیے ترک صدر رجب طیب اردوان پاکستان کا دورہ مکمل کر کے وطن واپس روانہ ہو گئے۔ ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

آئی ایم ایف کا مطالبہ FBR ٹیکس پالیسی بنانے کا اختیار لے لیا گیا

پالیسی سازی وزارت خزانہ کے ماتحت ہوگی، ٹیکس پالیسی کے لیے علیحدہ آفس قائم، ایف بی آر صرف ٹیکس وصولی تک محدود رہے گا: ذرائع کی رپورٹ

پالیسی سازی وزارت خزانہ کے تحت ہوگی، ٹیکس پالیسی آفس براہ راست وزیر خزانہ دریونیو کو رپورٹ کرے گا، ایف بی آر ریونیو بڑھانے کے لیے ٹیکس تجاویز پر عمل درآمد پر توجہ دے گا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی حکومت نے آئی ایم ایف کے مطالبے پر ایف بی آر سے اہم اختیارات واپس لے لیے، وزارت خزانہ نے ٹیکس پالیسی آفس قائم کر دیا، ٹیکس پالیسی سازی اور وصولی کو الگ الگ کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اس اقدام سے ایف بی آر صرف ٹیکس وصولی تک محدود رہے گا اور پالیسی سازی وزارت خزانہ کے تحت ہوگی، ٹیکس پالیسی آفس براہ راست (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

آرمی چیف کا ایس آئی ایف سی کے گرین کارپوریٹ انیشی ایٹو کا دورہ

آرمی چیف، وزیراعلیٰ پنجاب کے ساتھ دیگر وفاقی اور صوبائی وزرا اور زرعی شعبے سے متعلق افسران نے بھی گرین پاکستان انیشی ایٹو (جی پی آئی) کا دورہ کیا

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے اسمارٹ ایگری فارم، گرین ایگری مالز اور ایگری ریسرچ سہولت سینٹر کا باقاعدہ افتتاح کیا، شرکا کو جدید زرعی مشینری کا معائنہ بھی کرایا گیا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر اور اعلیٰ حکومتی عہدے داروں نے ایس آئی ایف سی کے گرین کارپوریٹ انیشی ایٹو کا دورہ کیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق آرمی چیف، وزیراعلیٰ پنجاب کے ساتھ دیگر وفاقی اور صوبائی وزرا اور زرعی شعبے سے متعلق افسران نے بھی گرین پاکستان انیشی ایٹو (جی پی آئی) کا دورہ کیا۔ اس موقع پر وزیرِ اعلیٰ پنجاب مریم نواز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

موسمیاتی تبدیلی کے پاکستان پر اثرات

ترقی یافتہ ممالک پورے کریں، شہباز شریف

پاکستان میں اقوام متحدہ کے ریزیڈنٹ کوآرڈینیٹر محمد یحییٰ نے وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کی، وزیراعظم نے اقوام متحدہ کی کنٹری ٹیم کی جانب سے پاکستان میں جاری کام کو سراہا

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وزیراعظم کے معاون خصوصی سید طارق فاطمی، وزیراعظم کی کوآرڈینیٹر برائے موسمیاتی تبدیلی روبینہ خورشید عالم و دیگر حکومتی اور اعلیٰ سرکاری حکام بھی ملاقات میں موجود تھے



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے پاکستان میں اقوام متحدہ کے ریزیڈنٹ کوآرڈینیٹر محمد یحییٰ ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کیلئے ترقی یافتہ ممالک اپنے وعدے پورے کریں۔ پاکستان میں اقوام متحدہ کے ریزیڈنٹ کوآرڈینیٹر محمد یحییٰ نے وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات کی، جس میں وزیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ کی زیر صدارت اسٹیئرنگ کمیٹی کا اجلاس

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور، رمیش سنگھ اروڑہ نے اپنے کیمپ آفس میں ایک اہم اسٹیئرنگ کمیٹی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

ترک صدر کا صدر زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف کو گاڑی کا تحفہ

شہباز شریف نے ترک الیکٹرک کار خود ڈرائیو کی اور ترک صدر اُن کے برابر والی نشست پر بیٹھے

اسلام آباد (این این آئی) ترک صدر رجب طیب اردوان کی جانب سے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف کو ترک ساختہ الیکٹرک کار کا تحفہ دیا گیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ترک الیکٹرک کار خود ڈرائیو کی اور ترک صدر اُن کے برابر والی نشست پر بیٹھے (باقی صفحہ نمبر 4)



کراچی: وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ بزنس فیسلیشن کوآرڈی نیشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان کا امریکا کی جانب سے بھارت کو جدید ہتھیاروں کی فراہمی کے اعلان پر اظہار تشویش

وزیر خارجہ اسحٰق ڈار سلامتی کونسل اجلاس میں شرکت کریں گے جس کیلئے 18 فروری کو نیویارک جائیں گے، پاکستان اور امریکا کے دیرینہ تعلقات ہیں، ترجمان دفتر خارجہ

امریکا کی جانب سے غیر قانونی تارکین وطن واپسی کا معاملہ پاک امریکا باہمی رابطے کا حصہ ہے، کوئی بھی ملک غیر قانونی تارکین وطن کو واپس بھیج سکتا ہے: ہفتہ وار بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے امریکا کی جانب سے بھارت کو جدید ہتھیاروں کی فراہمی کے اعلان پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیر خارجہ اسحٰق ڈار سلامتی کونسل اجلاس میں شرکت کریں گے جس کیلئے 18 فروری کو نیویارک جائیں گے، پاکستان اور امریکا کے دیرینہ تعلقات ہیں، امریکا کی جانب سے غیر قانونی تارکین وطن واپسی کا معاملہ پاک امریکا باہمی رابطے کا حصہ ہے، کوئی بھی ملک غیر قانونی تارکین وطن کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

واشنگٹن: ٹرمپ اور مسک سے بھارتی وزیراعظم کی ملاقاتیں

واشنگٹن (این این آئی) بھارتی وزیراعظم نریندر مودی نے امریکی صدر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

بانی پی ٹی آئی کا آرمی چیف کو خط لکھنے کا مطلب ترلے کی آخری حد ہے، ملک احمد خان

لاہور (این این آئی) اپپکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کا آرمی چیف کو خط لکھنے کا مطلب ترلے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

حماس کا آج 3 اسرائیلی قیدیوں کو رہا کرنے کا فیصلہ

غزہ (این این آئی) فلسطینی مزاحمتی تنظیم حماس نے کہا ہے کہ جنگ بندی کے ثالث مصر اور قطر سے بات چیت کے بعد ہفتے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

بین الاقوامی فوجداری عدالت کے پراسیکیوٹر کریم خان پر امریکی پابندیاں عائد

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ کی طرف سے بین الاقوامی فوجداری عدالت کے پراسیکیوٹر کریم خان پر پابندیاں باضابطہ طور پر عاید کر دی گئی ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق انہیں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پچھلے دنوں اس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

سیرت چیئرز کے قیام کا مقصد نوجوانوں کو جدید تعلیم دینا ہے، احسن اقبال

اس اقدام کا مقصد نبی اکرم کی زندگی سے اخذ کردہ 9 موضوعات پر معیاری تحقیق کرنا شامل ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ سرکاری شعبہ کی یونیورسٹیوں میں سیرت چیئرز کے قیام کا مقصد ہماری آنے والی نسل میں نوجوانوں کو جدید دور کی تعلیم سے آراستہ کرنے کے ساتھ انہیں سیرت کی روشنی میں فکری و نظریاتی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)



ملائشیا کو نسلیو آف اسلامک آرگنائزیشن کے صدر کشمیر پر پارلیمنٹری کمیٹی کے چیئرمین رانا محمد قاسم نون سے ملاقات کر رہے ہیں

سولر پینلز کی آڑ میں 69 ارب کی منی لانڈرنگ، 13 ایف آئی آر درج

بینکوں کو 20 کروڑ روپے سے زیادہ جرمانہ کیا گیا ہے، ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک

اسلام آباد (این این آئی) ملک سے سولر پینلز کی آڑ میں اربوں روپے کی منی لانڈرنگ کا انکشاف ہوا ہے، ایف بی آر حکام نے بتایا کہ 2017 سے 2025 کے درمیان 69 ارب 50 کروڑ روپے کی اوورانوائسنگ کی گئی ہے. جبکہ ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک نے بتایا کہ بینکوں کو 20 (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

عمران خان کا خط پروپیگنڈہ کرنے کا بہانہ ہے، رانا ثناء

یہ کوئی خط نہیں بلکہ فوج کے خلاف ایک بیانیہ ہے، جس کو پھیلانے اور عوام کے اندر پروپیگنڈہ کے طور پر پیش کرنے کے لیے یہ خط ایک بہانہ ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے سیاسی امور کے مشیر رانا ثناءاللہ نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی چیئرمین عمران خان کا خط فوج کے خلاف بیانیہ اور پروپیگنڈہ کرنے کا بہانہ ہے، جس کا آرمی چیف نے مختصر اور جامع جواب دیا۔ ایک انٹرویو میں رانا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)



صدر مملکت آصف علی زرداری جسٹس سرفراز ڈوگر سے بطور قائم مقام چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ کے عہدے کا حلف لے رہے ہیں

سپریم کورٹ کے نئے ججز نے حلف اٹھا لیا، چیف جسٹس نے حلف لیا

قائم مقام چیف جسٹس سندھ ہائیکورٹ جسٹس جنید غفار نے بھی عہدے کا حلف اٹھا لیا

اسلام آباد، کراچی (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان کے نئے ججز نے عہدے کا حلف اٹھا لیا۔ چیف جسٹس آف پاکستان یحییٰ آفریدی نے سپریم کورٹ میں حلف برداری کی تقریب میں سپریم کورٹ میں نئے تعینات ہونے والے 6 ججوں سے حلف لیا۔ جسٹس عامر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

ترک صدر کی گاڑی ڈرائیو کرنا ناقابلِ فراموش لمحہ ہے، آصفہ بھٹو زرداری

پاکستانی خاتونِ اوّل نے اس یادگار لمحے کی ویڈیو شیئر کی اور اپنے خیالات کا اظہار بھی کیا، ویڈیو جاری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی خاتونِ اوّل آصفہ بھٹو زرداری نے ترک صدر رجب طیب اردوان کی گاڑی ڈرائیو کرنے کو ناقابلِ فراموش لمحہ قرار دے دیا۔ فوٹو اینڈ ویڈیو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

دو ججز کے خلاف ریفرنس لانے کا میرے علم میں نہیں، عرفان صدیقی

سب کو پتا ہے وہ کون سے دو جج صاحبان ہیں جن کے خلاف ریفرنس لانے کی بات کی گئی ہے، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر عرفان صدیقی کا کہنا ہے کہ ان کے علم میں نہیں کہ حکومت ریفرنس لانے کا سوچ رہی ہے یا نہیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف ترکیہ کے صدر طیب اردوان کو وطن واپسی پر الوداع کہہ رہے ہیں

12 ممالک سے 131 پاکستانیوں کو ڈی پورٹ کر دیا گیا

16 افراد انسدادِ انسانی اسمگلنگ سرکل منتقل، 6 قلات، راولپنڈی پولیس کے حوالے

راولپنڈی (این این آئی) متحدہ عرب امارات میں خودکشی کی کوشش کرنے والے ملزم سمیت 12 ممالک سے 131 پاکستانیوں کو ڈی پورٹ کر دیا گیا۔ ان پاکستانیوں کو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

پاکستان کا جوہری توانائی پروگرام دنیا کے کامیاب پروگرامز میں سے ایک قرار

ڈائریکٹر آئی اے ای اے رافیل ماریانو گروسی نے چشمہ پاور پلانٹ یونٹ 5 کا دورہ کیا

کراچی: گورنر سندھ کامران ٹیسوری جسٹس محمد جنید غفار سے قائمقام چیف جسٹس کے عہدے کا حلف لے رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) انٹرنیشنل اٹامک انرجی ایجنسی کے ڈائریکٹر رافیل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

مودی کی وائٹ ہاؤس آمد، سکھوں کا احتجاجی مظاہرہ

واشنگٹن (این این آئی) بھارتی وزیراعظم کے دورے کے موقع پر واشنگٹن ڈی سی میں وائٹ ہاؤس کے سامنے بھارتی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

غزہ سے متعلق دھماکا خیز اعلان کے بعد ٹرمپ متبادل عرب منصوبے کے منتظر

منصوبے کا آغاز غزہ کی پٹی کے اندر چھ ماہ کے عرصے میں محفوظ علاقوں کی تیاری سے ہوگا، ذرائع

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا ہے کہ ان کا ملک عرب ممالک کو ایک موقع دے گا تاکہ وہ غزہ کے حوالے سے کسی متبادل منصوبے تک پہنچ جائیں۔ غیر ملکی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

اسپیکر کی شاہرگ کے علاقے میں ہونے والے دھماکے کی مذمت

معصوم شہریوں کی جانوں سے کھیلنے والے درندوں کا کوئی مذہب نہیں، سردار ایاز صادق

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کوئٹہ کے علاقے شاہرگ کے علاقے میں ہونے والے دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

صدر، وزیراعظم کی بلوچستان کے علاقے شاہرگ میں دھماکے کی مذمت

معصوم شہریوں کو نقصان پہنچانے والے درندوں کو بہت سخت قیمت ادا کرنی پڑے گی، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے بلوچستان کے علاقے شاہرگ میں دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ نتیجے اور معصوم شہریوں کی جان و مال کو نقصان پہنچانے والے درندوں کو بہت سخت قیمت ادا کرنی پڑے گی۔ اپنے بیان میں صدر مملکت نے دھماکے کے نتیجے میں 9 مزدوروں کی وفات پر اظہار افسوس کیا۔ صدر مملکت نے دہشتگردی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

سیاسی جماعتوں کو جلسے منعقد کرانے کی اجازت سے متعلق قرارداد منظور

اپوزیشن اراکین نے فلور نہ ملنے پر ایوان میں شور شرابہ کیا، کورم کی کمی کے باعث اجلاس ملتوی کرنا پڑا، رپورٹ پیکا ایکٹ کو سینسر شپ کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے، یہ قانون کیوں بلڈوز کیا گیا 26 ویں آئینی ترمیم میں بھی خرابیاں ہیں، سینیٹر علی ظفر

اسلام آباد (این این آئی) اپوزیشن سینیٹ میں سیاسی جماعتوں کو پرامن جلسے منعقد کرانے کی اجازت سے متعلق قرارداد منظور کرانے میں کامیاب ہوگئی جبکہ اپوزیشن اراکین نے فلور نہ ملنے پر ایوان میں شور شرابہ کیا، کورم کی کمی کے باعث اجلاس ملتوی کرنا پڑا۔ جمعہ کو سینیٹر شیری رحمان نے سینیٹ اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے وفاقی وزیر اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ غیر تارکین وطن لے جانے والی کشتیوں کے مسلسل (باقی صفحہ نمبر 28)

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کا ترکیہ کے صدر کے دورہ پاکستان کا پُرجوش خیر مقدم

دورے سے دونوں برادر ممالک کے درمیان باہمی تعاون اور تعلقات کو مزید فروغ ملے گا، سیدال خان

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے ترکیہ کے صدر طیب اردوگان کے دورہ پاکستان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس دورے سے دونوں (باقی صفحہ نمبر 30)



کراچی: سابق وفاقی سیکرٹری سلمان فاروقی تقریب کے دوران افسران کو سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں

جسٹس سرفراز ڈوگر نے بطور قائم مقام چیف جسٹس اسلام آباد ہائیکورٹ کا حلف اٹھا لیا

اسلام آباد (این این آئی) جسٹس سرفراز ڈوگر نے بطور قائم مقام چیف (باقی صفحہ نمبر 29)

وزیر داخلہ محسن نقوی کی شاہرگ میں مزدوروں کی گاڑی کے قریب دھماکے کی مذمت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان کے علاقے (باقی صفحہ نمبر 31)

ٹرمپ کے ساتھ بات چیت کے لیے ریاض موزوں جگہ ہے، روس

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ٹرمپ اور ان کے روسی ہم منصب کے (باقی صفحہ نمبر 32)

کچھ غلط کیا ہی نہیں تو اپنے خلاف ریفرنس کا ڈر کیوں ہونا، جسٹس منصور

مقدمات نمٹانے کی شرح دیکھ لیں، کس کے کتنے فیصلے قانون کی کتابوں میں شائع ہوئے سب سامنے ہے: صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو

کسی سے کوئی ذاتی عناد یا اختلاف نہیں، کمرے میں موجود ہاتھی کسی کو نظر نہ آئے تو کیا کہہ سکتے ہیں: صحافی کے سوال کا جواب

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے سینیئر جج جسٹس منصور علی شاہ کا کہنا ہے کہ کچھ غلط کیا ہی نہیں تو ریفرنس کا ڈر کیوں ہونا، اللہ مالک ہے۔ سپریم کورٹ میں حلف برداری تقریب کے بعد جسٹس منصور علی شاہ کی صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو ہوئی۔ صحافی نے سوال کیا کہ کہا جاتا ہے کہ آپ لوگ کام نہیں کرتے؟ جسٹس منصور علی شاہ نے جواب دیا کہ مقدمات نمٹانے کی شرح دیکھ لیں، کس کے کتنے فیصلے قانون کی کتابوں میں شائع ہوئے سب سامنے (باقی صفحہ نمبر 33)



لاہور: وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کو ریگولیٹ کرنے سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



لاہور: وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رفیق محکمہ داخلہ میں سی سی ایل او کے 22 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور

سٹی نیوز

پاکستان کی پہلی بون میرو کانفرنس آج چلڈرن ہسپتال یونیورسٹی میں ہوگی

کانفرنس کے چیف پیٹرن پروفیسر مسعود صادق وچیئرمین آرگنائزنگ کمیٹی ڈاکٹر ناصر عباس ہونگے





لاہور (خبر نگار) پاکستان کی پہلی انٹرنیشنل بون میرو کانفرنس چلڈرن ہسپتال یونیورسٹی انسٹیٹیوٹ آف چائلڈ ہیلتھ میں آج منعقد ہوگی کانفرنس کے میزبانی میزبانی چیئرمین آرگنائزنگ کمیٹی سید ناصر عباس بخاری، پروفیسر مسعود صادق (چیف پیٹرن)، پروفیسر جنید رشید (پیٹرن) پروفیسر نیئر سلطان (پیٹرن) پروفیسر مہوش فیضان (پیٹرن) کریں گے جب کہ مقرر سپیکرز میں پروفیسر ڈاکٹر طارق ظفر، ڈاکٹر طارق محمود سی، پروفیسر ناصر احمد، ڈاکٹر نتاشہ شیلی، ڈاکٹر عائشہ عمران، ڈاکٹر نگہت شہباز، ڈاکٹر میجر جنرل پرویز احمد کانفرنس سے خطاب کریں گے



مرکزی کریانہ ایسوسی ایشن پنجاب کے صدر حافظ عارف گجر، سرپرست اعلیٰ سلیم پرویز بٹ، چیئرمین شیخ وقاص، جنرل سیکرٹری شیخ رضوان شوکت اپنے دیگر عہدے داروں کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

وزیراعظم شہباز شریف اور وزیراعلیٰ مریم نواز کریانہ ریٹیلرز کے مسائل کو فلفور حل کریں۔ حافظ عارف گجر صدر مرکزی کریانہ ایسوسی

چینی اڑھائی ماہ میں 28 روپے مہنگی جب کہ افغانستان کی برآمدات میں حیرت انگیز اضافہ ہوا ہے، کریانہ ایسوسی ایشن

رواں مالی سال کے پہلے سات ماہ میں چینی کی افغانستان کے لیے چینی کی برآمدات 26 کروڑ 27 لاکھ ڈالر رہیں کریانہ ایسوسی ایشن

مہنگائی کے دور میں ہمیں اشیائے خوردونوش کی قیمتیں خرید سے کم قیمت پر فروخت کرنے پر مجبور کیا جاتا ہے

ہماری عزت نفس کو مجروح کر کے ہمیں مافیا ذخیرہ دور گراں فروش کہا جاتا ہے

ہمارے مسائل حل نہ کیے گئے تو کاروبار بند کر کے خودکشیوں پر مجبور ہو جائیں گے

لاہور (خبر نگار) مرکزی کریانہ ایسوسی ایشن پنجاب کے رہنماؤں نے مطالبہ کیا ہے وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ہمارے مسائل فوری حل کریں اگر ہمارے پندرہ کروڑ صارفین کو ہماری ضرورت ہے تو ہم بھی ان کی ضرورت ہیں ہمارے مسائل حل نہ کیے گئے تو ہم کاروبار بند کرنے اور خودکشیوں پر مجبور ہوں گے ان خیالات کا اظہار مرکزی کریانہ ایسوسی ایشن کے صدر حافظ عارف گجر سرپرست اعلیٰ سلیم پرویز بٹ، چیئرمین شیخ وقاص، جنرل سیکرٹری شیخ رضوان شوکت، میاں احمد شہزاد، حافظ ساجد اکرم چوہدری، میاں شہزاد اقبال، خواجہ عبدالرحمان، ملک محمد اکرم، ملک محمد اسلم بلوچ، انجمن تاجران کی سپریم کونسل کے چیئرمین حاجی غلام نبی ورک، پی ٹی آئی کے سنٹرل کمیٹی کے صدر افضال حیدر، جمعیت اہلحدیث کے صوبائی صدر حافظ محمد سعید تنکوپوری، سنٹرل لیڈرز ایسوسی ایشن کے صدر حاجی رضا ربانی، ناب صدر چوہدری عدنان رندھاوا، مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما میاں محبوب احمد، چوہدری احسن رفیع کاوی و دیگر شامل ہیں جنہوں نے احمد عمران گجر کو فرش شاس و ایندا اور میرث کی بالادستی کا ضامن آفیسر قرار دیا ہے۔

کریانہ ایسوسی ایشن کے رہنماؤں نے کہا کہ ہماری عزت نفس کو مجروح کر کے ہمیں مافیا، ذخیرہ اندوز اور گراں فروش کہا جاتا ہے اس لیے ظلم کو ہمارے فوری طور پر بند کیا جائے اور ہمیں ایک ایکسٹرا ہیومن سمجھا جائے جس سے ہمارے لاکھوں ٹیلرز، مچھلی کے دھندے سے وابستہ لوگوں کی اچھی پرورش کر سکے اور عزت کی زندگی گزار سکیں، رہنماؤں نے مزید کہا کہ مالیہ 10 نقطوں کے دوران کریانہ کی اوسط قیمت 27 روپے 26 پیسے فی کلو بتائی گئی ہے جبکہ اس کی اوسط قیمت 153 روپے 11 پیسے فی کلو گرام پر بیچی جا رہی ہے جبکہ کریانہ کی اوسط قیمت 10 نقطے قبل صرف 125 روپے 85 پیسے فی کلو تھی اور اشارہ کے مطابق ملک سے چینی کی زیادہ سے زیادہ برآمد کی قیمت 160 روپے کلو تک ہے۔ رہنماؤں کا مزید کہنا تھا کہ چینی کی سپلائی میں 28 روپے تک افغانستان کی برآمدات میں حیرت انگیز اضافہ ہوا ہے سرکاری اعداد و شمار سے معلوم ہوتا ہے کہ جولائی 2024 جنوری 2025 رواں مالی سال کے 7 ماہ کے دوران افغانستان کو چینی کی برآمدات میں حیرت انگیز طور پر اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے انہوں نے بتایا کہ رواں مالی سال کے پہلے سات ماہ میں افغانستان کے لیے چینی کی برآمد 26 کروڑ 27 لاکھ ڈالر رہی جبکہ گزشتہ سال اسی مدت کے دوران افغانستان کے لیے چینی کی برآمد محض 59 لاکھ ڈالر تھی ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت نے جون سے اکتوبر 2024 تک 50 ہزار ٹن چینی برآمد کرنے کی اجازت دی پھر اخری بار اکتوبر 2024 میں 5 لاکھ ٹن چینی برآمد کرنے کی اجازت دی گئی تھی جس کے مطابق 2 لاکھ 72 ہزار ٹن چینی برآمد کی جا چکی ہے جبکہ 2 لاکھ 28 ہزار ٹن چینی برآمد کرنے کی اجازت باقی ہے رہنماؤں نے کہا کہ ہم نے ہمیشہ سے اپنی لاکھوں ٹیلرز کے حقوق کو ہمیشہ پامال کیا گیا ہے کبھی



لاہور: بیدیاں روڈ سے تاجر یونین کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں

دربار حضرت پیر وارث شاہؒ کی مینجمنٹ اور ایڈمنسٹریشن کو مؤثر بنانے کے لیے محکمہ اوقاف کے حوالے

صوبائی حکومت کے فیصلے کی روشنی میں سیکرٹری اوقاف نے باقاعدہ احکام جاری کر دیئے

لاہور (سٹاف رپورٹر) دربار حضرت پیر وارث شاہؒ کی مینجمنٹ اور ایڈمنسٹریشن کو مؤثر بنانے کے لیے محکمہ اوقاف کے حوالے کر دیا گیا۔ سیکرٹری اوقاف و ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر ظاہر رضا بلوری نے صوبائی حکومت کے فیصلے کی روشنی میں باقاعدہ احکامات جاری کر دیے۔ انہوں نے دربار شریف کو تحویل میں لینے کے لیے ڈی پی او شیخوپورہ کو ہدایات جاری کر دی ہیں۔ ڈی پی او شیخوپورہ کو 5 رکنی کمیٹی تشکیل دینے کی ہدایت کی گئی ہے جو کہ 5 یوم میں اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔ ڈی پی او شیخوپورہ کمیٹی کی سربراہی کریں گے۔ کمیٹی میں ایس ڈی او اوقاف شیخوپورہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) شیخوپورہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (فنانس) شیخوپورہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ڈویلپمنٹ) شیخوپورہ شامل ہیں۔ کمیٹی دربار شریف کی انتظامیہ کی تبدیلی، مینجمنٹ کے معاملات، دربار کی جائیداد کے تحفظ، دربار کے مالی معاملات کی تحقیقات کرے گی۔ کمیٹی

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 15 فروری 2025ء

پبلک سکولوں میں پنجابی زبان کے فروغ کیلئے اقدامات کئے جائینگے کمشنر فیصل آباد

کینیڈا میں مقیم تحریک آزادی کے ہیرو سردار بھگت سنگھ کے بھانجے نے بھرپور مہمان نوازی پر کمشنر فیصل آباد کا شکریہ ادا کیا



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) کمشنر فیصل آباد مریم خان سے تحریک آزادی کے ہیرو سردار بھگت سنگھ کے بھانجے سردار حکومت سنگھ ملہی نے کمشنر آفس میں ملاقات کی۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر، ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن عامر رضا، ثاقب ورک بھی موجود تھے۔ کمشنر نے سردار حکومت سنگھ ملہی کا خیر مقدم کیا۔ انہوں نے کہا کہ چک 105 جڑانوالہ میں قائم بھگت سنگھ کی تاریخی حویلی کو جانے والی سڑک کی ترجیحی بنیادوں پر تعمیر و مرمت کرائی جائے گی۔ کمشنر نے کہا کہ ڈویژن کے پبلک سکولوں میں پنجابی زبان کے فروغ کے لئے اقدامات کئے جائیں گے۔ انہوں نے فیصل آباد میں پنجابی مشاعرہ کرانے کا بھی اعلان کیا اور کہا کہ وہ بھگت سنگھ کی حویلی کا دورہ بھی کریں گی۔ کینیڈا میں مقیم بھگت سنگھ کے بھانجے نے بھرپور مہمان نوازی پر کمشنر فیصل آباد کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ فیصل آباد کا تیسرا دورہ ہے یہاں آکر خوشی محسوس ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھگت سنگھ سمیت دیگر ہیروز کی خدمات کو نئی نسل تک پہنچانا ہے۔

وزیراعلیٰ پنجاب اقلیتوں کی بہتری کے لیے وسیع تر اقدامات کی خواہاں ہیں

اقلیتیں ہمارے ملک کا اہم جزو ہیں: ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری جاوید علاؤ الدین



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری جاوید علاؤ الدین نے مستحق اقلیتی خاندانوں میں منیارٹی کارڈز تقسیم کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اقلیتوں کی بہتری کے لیے وسیع تر اقدامات کی خواہاں ہیں، اقلیتیں ہمارے ملک کا اہم جزو ہیں، اسلامی فلاحی ریاست میں اقلیتوں کے افراد بھی اکثریت کی طرح بنیادی حقوق کے حقدار ہیں، ممبر صوبائی اسمبلی نے کہا کہ مستحق اقلیتی خاندانوں میں منیارٹی کارڈز کی تقسیم مستحق افراد کے لیے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا تحفہ ہے، منیارٹی کارڈز کے ذریعے حکومت پنجاب کی جانب سے سہ ماہی 10 ہزار 5 سو روپے فراہم کیے جائیں گے، جس سے ان مستحق خاندانوں کی مالی مشکلات کم ہوسکیں گی، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر انعم علی خان سمیت متعلقہ محکموں کے افسران بھی موجود تھے۔

سہیل محمود کو امن کمیٹی کا چیئرمین بننے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں: ڈاکٹر عامر شبیر

امن کمیٹی قیام امن کیلئے بہترین کام کر رہی ہے: حافظ ساجد، عمر شیروانی



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) سہیل محمود بٹ کو مسلک اہلحدیث کی طرف سے امن کمیٹی تھانہ نارنگ کا چیئرمین بننے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں امید ہے یہ شہر میں بین المسالک امن کے قیام کیلئے بہترین کردار ادا کریں گے ان خیالات کا اظہار سماجی شخصیت ڈاکٹر عامر شبیر مغل مرکزی مسلم لیگ کے نائب صدر ساجد مغل اور عمر شیروانی نے سہیل محمود بٹ کو امن کمیٹی کا چیئرمین بننے پر مبارکباد دیتے ہوئے کیا ان کا کہنا تھا امن کمیٹی تھانہ نارنگ نے ہمیشہ مسالک کے درمیان امن بھائی چارے کی فضا برقرار رکھنے کے لئے بہترین کردار ادا کیا فرقہ واریت کی سوچ رکھنے والے عناصر کی حوصلہ شکنی ہے اور ایک پلیٹ فارم پر جمع ہو کر ان کی شر پسندانہ چالوں کو ناکام بنایا ہم امن کمیٹی کی امن کی خاطر کوششوں کو سہراتے ہیں اور اس نیک مشن کیلئے ہم تمام ممبران کے شانہ بشانہ ہیں بین المسالک امن کا قیام معاشرے میں اہم حیثیت رکھتا ہے جس میں تمام مسالک کا کردار اہم ہے۔

پراپرٹی ڈیلر ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات کی تیاریاں عروج پر

جھنگ (بیورو رپورٹ) پراپرٹی ڈیلر ایسوسی ایشن کے سالانہ انتخابات کی تیاریاں عروج پر، شیخ یعقوب گروپ نے یونائٹڈ گروپ کی حمایت کا اعلان کر دیا سیکرٹری فنانس یونائٹڈ گروپ صابر نول کے مطابق جھنگ کی معروف سیاسی وسماجی اور کاروباری شخصیت سابق ایم پی اے شیخ محمد یعقوب کے صاحبزادوں شیخ حسن اور شیخ ابراہیم نے گرین وڈسٹی میں منعقدہ جلسے کی میزبانی کرتے ہوئے یونائٹڈ گروپ کی بھرپور حمایت کا اعلان کرتے ہوئے اپنے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ شیخ حسن اور شیخ ابراہیم ایک مضبوط گروپ ہے اور ان کے یونائٹڈ گروپ کی حمایت کے بعد گروپ کے جیتنے کے امکانات اور زیادہ بڑھ گئے ہیں

باہمی اتفاق اور اتحاد کی بدولت ہی مسائل پر قابو پایا جاسکتا ہے: چوہدری خالد

سوسائٹی کے مسائل کا انتظامیہ کو ادراک کروانا اور ان کے حل کے لیے مشترکہ کوشش کرنا انتظامیہ کی ذمہ داری ہے



کوٹ رادھا کشن (تحصیل رپورٹر محمد رمضان) سوسائٹی کے مسائل کا انتظامیہ کو ادراک کروانا اور ان کے حل کے لیے مشترکہ کوشش کرنا آپ کی ذمہ داری ہے اور یہ اس وقت احسن طریقہ سے پوری ہوگی جب آپ میں باہمی اتفاق ہوگا۔ باہمی اتفاق اور اتحاد کی بدولت ہی مسائل پر قابو پایا جاسکتا ہے آپ کے قلم میں طاقت ہے آپ ان مسائل کے خاتمہ میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں وقت نے ثابت کر دیا ہے کہ صحافت سیاست کا چوتھا ستون ہے ان خیالات کا اظہار مسلم لیگی رہنما چوہدری خالد حسین نے کوٹ رادھا کشن کی تمام صحافی تنظیموں و باکی ٹیم کے اعزاز میں دیئے گئے ظہرانے میں صحافیوں مرکزی تاجر اتحاد کے عہدیداران و استاد مہنا باکی فیڈریشن کے کھیلاڑیوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر انہوں نے پنجاب لیول میں کھیلنا کودنا پنجاب کے تحت استاد عاشق مہنا باکی کلب کے کھیلاڑیوں کوچ سلمان سلو منیجر ارشد فریدی کو ضلعی ڈویژن لیول و پنجاب کی سطح پر باکی ٹرافی حاصل کرنے پر مبارک باد دی اور نقد انعام دیا جبکہ مرکزی تاجر اتحاد کے صدر میاں اعظم راجو، چیئرمین چوہدری ایوب خادر و دیگر کی طرف سے کھلاڑیوں کو ٹرافی دی گئی۔

مسلم لیگ ن کی حکومت دن رات جدوجہد کر رہی ہے: رہنما مسلم لیگ مرزا محمد ایوب

ضرورت اس امر کی ہے کہ ملک میں بیرونی سرمایہ کاری کا دائرہ کار بڑھانے کے لیے سیاسی عدم استحکام کو ختم کیا جائے



گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما مرزا محمد ایوب مغل نے ایک خصوصی بیان میں کہا ہے کہ مسلم لیگ ن کی حکومت ملک کو انتہائی نازک صورتحال سے نکالنے کیلئے دن رات جدوجہد کر رہی ہے۔ وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کی ان تھک محنت کی وجہ سے عالمی اداروں کا پاکستان کی معاشی حالت پر اعتماد بحال ہو رہا ہے۔ لیکن ضرورت اس امر کی ہے کہ ملک میں بیرونی سرمایہ کاری کا دائرہ کار بڑھانے کے لیے سیاسی عدم استحکام کو ختم کیا جائے اور تمام سیاسی جماعتیں مکمی مفاد میں یکجا ہو کر صرف اور صرف عوام الناس کی معاشی بہتری کے لیے حکومت کے ہاتھ مضبوط کریں۔ ملک میں جاری سیاسی عدم استحکام ملک وقوم کے حق میں نہیں اور بیرونی سرمایہ کاری میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔ سیاسی جماعتوں کو مل بیٹھ کر درپیش مسائل اور بحرانوں سے نجات کیلئے کردار ادا کرنا ہوگا جس کیلئے اپوزیشن جماعتوں کو حکومت کی ٹانگیں کھینچنے کی بجائے ترقی وخوشحالی کے حکومتی ایجنڈے کی تکمیل یقینی بنانا ہوگی جو سیاسی قائدین ملک وقوم کے مفادات کی تکمیل کیلئے کردار ادا کرینگے باشعور پاکستانی قوم انہیں کبھی بھولے گی اور اپنے محسنوں کا بھرپور ساتھ دیگی۔ سیاست اگر محاذ آرائی کا شکار رہی تو ملکی مسائل مزید بڑھیں گے اور عوام کا سیاستدانوں پر رہا سہا اعتماد بھی ختم ہو جائیگا۔ مرزا محمد ایوب مغل نے مزید کہا کہ پارٹی قیادت وفاق اور پنجاب میں عوامی خوشحالی یقینی بنا کر دم لے گی پاکستان میں توانائی اور شاہراہوں کے میگا منصوبے، یونیورسٹیوں وصحت کے اداروں کا قیام، صحت کارڈ کا اجراء میٹرو بس اور اورنج ٹرین کی تکمیل سمیت دیگر مثالی عوامی خدمات ن لیگ کی قیادت کا اعزاز ہیں اور خدمت کے اس سفر کو اب آگے بڑھایا جائیگا۔

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر پاکستان کے پہلے ''چیف منسٹر مینارٹی کارڈ'' کی تقسیم کا عمل جاری

جھنگ (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر پاکستان کے پہلے ''چیف منسٹر مینارٹی کارڈ'' کی تقسیم کا عمل جاری ہے۔ پہلے مرحلے میں مسیح برادری کے 45 مرد و خواتین میں کارڈ تقسیم کئے گئے۔ اس حوالہ سے ڈپٹی کمشنر نے اپنے آفس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل خرم شہزاد بھٹی، اسسٹنٹ کمشنر شورکوٹ، سابق ممبر صوبائی اسمبلی خالد غنی، مولانا محمد آصف معاویہ، شرجیل عباس قریشی کے ہمراہ ''چیف منسٹر مینارٹی کارڈ'' تقسیم کئے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر کا کہنا تھا کہ مینارٹی کارڈ کے تحت سہ ماہی 10 ہزار 500 روپے ملیں گے۔ اقلیتی برادری کی حفاظت اور زندگیوں میں بہتری لانا حکومت پنجاب کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تمام مذاہب ایک مضبوط لڑی کی مانند ہیں، سبز ہلالی پرچم بھی سفید رنگ کے بغیر مکمل نہیں ہوتا۔

کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن نوید حیدر شیرازی کا ضلع منڈی بہاؤالدین کا دورہ

ڈپٹی کمشنر آفس میں اجلاس کی صدارت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر فیصل سلیم، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل وقار اکبر چیمہ اور دیگر افسران بھی موجود تھے

اسلامی جمعیت طلبہ کے زیر اہتمام حیا واک کا انعقاد

اسلامی جمعیت طلبہ کے زیر اہتمام حیا ڈے کے سلسلے میں دیپالپور میں حیا واک کا اہتمام کیا گیا



دیپالپور (تحصیل رپورٹر) جہاں دنیا بھر میں 14 فروری کو ویلنٹائن ڈے منایا جاتا ہے، وہیں اسلامی جمعیت طلبہ کے زیر اہتمام حیا ڈے کے سلسلے میں دیپالپور میں حیا واک کا اہتمام کیا گیا۔ واک کی قیادت نائب امیر جماعت اسلامی ضلع اوکاڑہ سلیم طاہر جوئیہ نے کی واک میں محمد یوسف بھٹی جنرل سیکرٹری جماعت اسلامی دیپالپور ناظم اسلامی جمعیت طلبہ ابراہیم جوئیہ محمد وقار سمیت بڑی تعداد میں طلبہ اور شہریوں نے شرکت کی۔ شرکاء نے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر حیا اور اسلامی اقدار کے فروغ کے حوالے سے نعرے درج تھے۔ اس موقع پر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مغربی ثقافتی یلغار کے خلاف نوجوانوں کو اسلامی تعلیمات کو اپنانا ہوگا اور معاشرے میں حیا کو عام کرنا وقت کی ضرورت ہے۔ شرکاء نے اسلامی روایات اور مشرقی اقدار کی پاسداری کا عزم کیا اور معاشرے میں اخلاقی اقدار کے فروغ کے لیے جدوجہد جاری رکھنے کا اعلان کیا۔

شب برات بخشش اور معافی کا موقع ہے: علی شہزاد بھٹی

انسان ہمیشہ معافی اور مغفرت کا طلبگار ہے: سیاسی وسماجی شخصیت



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) شب برات بخشش اور معافی کا موقع ہے رحمت خداوندی انسان کی بخشش کے وسیلے بنا کر اپنا قرب عطا کرتی ہے شب قدت اور شب برات جیسی راتیں توبہ واستغفار کا بہترین موقع ہیں ان کی ایک ایک ساعت قیمتی ہے ان خیالات کا اظہار سیاسی وسماجی شخصیت علی شہزاد اسلم بھٹی نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ اللہ کریم آسمان دنیا پر جلوہ فرما ہو کر پکارتا ہے کہ ہے کوئی بخشش اور مغفرت کا طلبگار میں گناہوں کی معافی عطا کرنے والا ہوں بے شک اس کی رحمت سے سب کچھ ممکن ہے وہ چاہے تو ہمارے سیاہ اعمال کو نیکیوں میں تبدیل کر کے ہمیں اپنی رحمت سے جنت عطا کر دے۔

جہلم شہر و گرد و نواح میں عطائیت کا راج، شہری پریشان

اتائی ڈاکٹرز لوگوں میں ایڈز، ٹی بی ہیپاٹائٹس بی سی اور مختلف جان لیوا مہلک بیماریاں فروخت کرنے لگے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر و گرد و نواح میں عطائیت کا راج اتائی ڈاکٹرز لوگوں میں ایڈز، ٹی بی ہیپاٹائٹس بی سی اور مختلف جان لیوا مہلک بیماریاں فروخت کرنے لگے نیم حکیم مردانہ قوت بڑھانے کیلئے گردے فیل کرنے میں مصروف۔ معتلقہ زمہ داران حکام بالا کو سب اچھا ہے کی رپورٹس پیش کرنے میں مصروف شہریوں کا وزیر اعلیٰ پنجاب صوبائی وزیر صحت اور کمشنر راولپنڈی ڈویژن ڈپٹی کمشنر سے نوٹس لے کر معتلقہ زمہ داران کے خلاف محکمانہ کاروائیاں کرنے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق عرصہ دراز سے شہر و گرد و نواح میں اتائی ڈاکٹروں نیم حکیموں نے جگہ جگہ کلینک دواخانے بنا کر سادہ لوح افراد کو جہاں پر ٹی بی ہیپاٹائٹس، ایڈز جیسی مختلف جان لیوا بیماریاں فروخت کر رہے ہیں نیم حکیم جو مردانہ قوت بڑھانے کیلئے مختلف دیسی ادویات کی اشتہار بازی کے ذریعے سادہ لوح اپڑھ لوگوں کو اپنی طرف راغب کر کے دوکانداری چمکائے ہوئے ہیں زہریلے کشتے کھلا کر لوگوں کے گردے فیل کر رہے ہیں لمحہ فکریہ یہ ہے کہ ضلع بھر میں اتنا کچھ ہونے کے باوجود ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسرز مبینہ طور پر خاموشی اختیار کیے ہوئے ہیں اور مکروہ گھناونہ کاروبار کرنے والوں کے خلاف کاروائی کرنے کی بجائے موت کے سوداگروں کو کھلی آزادی دے رکھی ہے شہریوں نے، وزیر اعلی پنجاب صوبائی وزیر صحت کمشنر راولپنڈی ڈویژن ڈپٹی کمشنر سے نوٹس لیتے ہوئے معتلقہ زمہ داران کے خلاف کاروائیاں کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

الائیڈ اسکول دیپالپور کیمپس معیاری تعلیم کا ایک روشن مینار ہے

پلے گروپ سے میٹرک تک طلبہ وطالبات کو اعلیٰ معیار کی تعلیم فراہم کی جارہی ہے

دیپالپور (تحصیل رپورٹر)، الائیڈ اسکول دیپالپور کیمپس، معیاری تعلیم کا ایک روشن مینار ہے، جہاں پلے گروپ سے میٹرک تک طلبہ وطالبات کو اعلیٰ معیار کی تعلیم فراہم کی جارہی ہے۔ پرنسپل میڈم فرزانہ صاحبہ نے اتحاد پریس کلب دیپالپور کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے اس ادارے کی خصوصیات کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ یہ اسکول نہ صرف دیپالپور بلکہ خطے کا ممتاز تعلیمی ادارہ ہے، جہاں ہر سال طلبہ و طالبات اپنی شاندار کارکردگی کے زریعے امتحانات میں نمایاں کامیابیاں حاصل کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ الائیڈ اسکول دیپالپور کیمپس میں تعلیم کے ساتھ ساتھ تربیت پر بھی خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔ یہ ادارہ بچوں کو ایک ایسا تعلیمی ماحول فراہم کرتا ہے جہاں ان کی ذہنی، جسمانی اور اخلاقی نشوونما پر بھرپور کام کیا جاتا ہے۔ جدید نصاب اور قرآنی تعلیم کے امتزاج کے ساتھ، یہ اسکول طلبہ کو دور حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے میں پیش پیش ہے۔ پرنسپل صاحبہ نے مزید بتایا کہ اسکول کی وسیع و عریض عمارت، جدید سہولیات، اور کوالیفائیڈ اساتذہ اس بات کی ضمانت ہیں کہ یہاں ہر بچہ اپنی مکمل صلاحیتوں کے ساتھ ترقی کرے گا۔ تمام اساتذہ اپنی ذمہ داریاں نہایت محنت اور دیانتداری کے ساتھ ادا کر رہے ہیں، اور بچوں کی شخصیت سازی میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ ادارہ اپنی نوعیت کا منفرد تعلیمی مرکز ہے، جہاں بچوں کو بنیادی سطح سے ہی نمایاں کارکردگی کے لیے تیار کیا جاتا ہے۔ یہاں کلاس رومز میں طلبہ کی تعداد محدود رکھی جاتی ہے تاکہ ہر بچے کو انفرادی توجہ دی جاسکے۔ سرکاری ملازمین کے بچوں کے لیے خصوصی رعایت کے ساتھ معیاری تعلیم فراہم کی جارہی ہے۔

صنعتکاروں کو سہولیات ملیں تو ملکی زرمبادلہ ڈبل ہوسکتا ہے۔ اظہر حمید بھٹی

سیالکوٹ بزنس کمیونٹی میں بے پناہ ٹیلنٹ ہے۔ بیرسٹر ابوبکر بھٹی



سیالکوٹ (بیورو خواجہ عامر جاوید) پاکستان بنیادی طور پر ایک زرعی ملک مگر عام کسانوں اور چھوٹے زمینداروں کیلئے ناقص پالیسیوں کی بدولت اور بڑے جاگیر داروں سے ٹیکس کولیکشن نہ ہونے کیوجہ سے زراعت و عام کسان بدحالی کا شکار ہے ایسے میں صنعتی شعبہ ہی ہے جو ملکی معیشت کو زرمبادلہ کی صورت میں استحکام دیتا ہے۔ ان باتوں کا اظہار سیالکوٹ کے معروف بزنس مین اظہر حمید بھٹی اور سیالکوٹ چیمبر آف کامرس کے نوجوان صنعتکاروں بیرسٹر ابوبکر اظہر بھٹی و عباد اظہر بھٹی نے ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ میں سنیئر صحافیوں کیساتھ خصوصی نشست کے دوران کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ایکسپورٹ سٹی سیالکوٹ کے صنعتکاروں کو اگر بہترین سہولیات اور خام مال کی درآمد میں ٹیکسز نرمی برتی جائے تو کاسٹ آف پروڈکشن میں کمی سے اپنی کوالٹی پراڈکٹس کی دنیا بھر میں ایکسپورٹس بڑھاتے ہوئے سیالکوٹ کا صنعتی شعبہ ڈبل زرمبادلہ کما کر دے سکتا ہے۔

جہلم شہر اور گرد و نواح میں مضر صحت لاغر بیمار نیم مردہ جانوروں کے پانی ملے گوشت کی فروخت سر عام جاری

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر اور گرد و نواح میں مضر صحت لاغر بیمار نیم مردہ جانوروں کے پانی ملے گوشت کی فروخت سر عام جاری جبکہ بڑے گوشت اور چھوٹے گوشت کی قیمتیں بھی انتظامیہ کے کنٹرول سے باہر چھوٹا بڑا گوشت عام آدمی کی پہنچ سے دور، قصاب بغیر مہر کے ناقص مضر صحت گوشت من مرضی کے نرخ مقرر کر کے گوشت فروخت کر رہے ہیں جو مضر صحت بھی ہوتا ہے، پرائس کنٹرول مجسٹریٹس اور انتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہیں، سماجی، فلاحی اور عوامی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

ماہ صیام کی آمد سے قبل ہی گھی کی فی کلو قیمت میں مذید 10 روپے کا اضافہ کر دیا گیا

جہلم (بیورو رپورٹ) ماہ صیام کی آمد سے قبل ہی گھی کی فی کلو قیمت میں مذید 10 روپے کا اضافہ کر دیا گیا جس سے درجہ دوم کے مختلف برانڈز کے گھی کی فی کلو قیمت 550 روپے سے بڑھ کر 560 روپے مقرر کر دی گئی۔ کریانہ مرچنٹس کے دکانداروں نے بتایا کہ انتظامیہ گھی کے داموں پر چیک اینڈ بیلنس رکھے۔ درجہ اول گھی کے۔ داموں میں اضافہ نہیں کیا گیا لیکن درجہ دوم گھی بنانے والی کمپنیاں مسلسل گھی کی قیمتوں میں اضافہ کر رہی ہیں جس پر مجبوراً ہمیں قیمتوں میں اضافہ کرنا پڑتا ہے

بزم غوث العصر کے زیر اہتمام جامع مسجد گلزار حنفیہ میں محفل شب برات منعقد ہوئی آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) بزم غوث العصر کے زیر اہتمام جامع مسجد گلزار حنفیہ میں محفل شب برات منعقد ہوئی آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کی سعادت حافظ ارتقی تنویر نے مخصوص انداز میں قرآن پاک کی تلاوت کی جس سے سماں بندھ گیا فیاض حسین قریشی اور محمد علی ارسلان نے آقا کریم کی بارگاہ میں عقیدت کے پھول نچھاور کئے ممتاز مذہبی اسکالر ڈاکٹر علی وقار قادری نے خصوصی خطاب کیا اور فلسفہ شب برات پر مفصل انداز میں روشنی ڈالی انہوں نے اہلبیت اطہار کی شان بیان کی اور امام زین العابدین کی سیرت پر گفتگو کی اختتام پر سلام کے بعد دعا کی گئی

کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن نوید حیدر شیرازی کا ضلع منڈی بہاؤالدین کا دورہ

ڈپٹی کمشنر آفس میں اجلاس کی صدارت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر فیصل سلیم، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل وقار اکبر چیمہ اور دیگر افسران بھی موجود تھے

گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن نوید حیدر شیرازی نے ضلع منڈی بہاءالدین کا دورہ کیا اور ڈپٹی کمشنر آفس میں اجلاس کی صدارت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر فیصل سلیم، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل وقار اکبر چیمہ، تینوں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز، ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ رضوان بشیر آغا اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر فیصل سلیم نے کمشنر گوجرانوالہ کو ضلعی محکموں کی کارکردگی پر تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے پرائس کنٹرول، تھا کہ ان کے دورے کا بنیادی مقصد ضلعی محکموں کی کارکردگی کا جائزہ لینا اور گورننس کے نظام کو مزید موثر بنانا ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام ادارے حکومت پنجاب کے وضع کردہ کے پی آئیز (KPI's) پر عملدرآمد یقینی بنائیں اور ضلعی سربراہان اپنی تمام تر توجہ عوامی فلاح و بہبود پر مرکوز رکھیں۔ ان کا کہنا تھا کہ محکمہ تعلیم، محکمہ صحت اور میونسپل ادارے شہریوں کو بہترین خدمات کی فراہمی یقینی بنائیں۔ عوامی شکایات کے فوری ازالے اور سروس ڈیلیوری کے معیار کو مزید بہتر بنانے کیلئے ضروری اقدامات کئے جائیں۔ ضلع میں جاری ترقیاتی اسکیموں پر کام کی کوالٹی اور رفتار میں کوئی کمی نہ ہونے دی جائے۔ کمشنر گوجرانوالہ نوید حیدر شیرازی کا کہنا تھا کہ ستھرا پنجاب مہم حکومت پنجاب کا شہری اور دیہاتی لوگوں کیلئے انقلابی اقدام ہے، جس کے تحت دیہات کو بھی شہروں کی طرز پر صفائی ستھرائی کی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ قبل ازیں کمشنر گوجرانوالہ نے جنرل بس سٹینڈ اور چیلیانوالہ کا بھی دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے کمشنر گوجرانوالہ کو نئے بننے والے جنرل بس سٹینڈ پر واش رومز، ویٹنگ ایریاز، ٹرانسپورٹر دفاتر بنانے کے حوالے سے بریفنگ دی۔ کمشنر گوجرانوالہ نوید حیدر شیرازی کا کہنا تھا کہ ضلع منڈی بہاءالدین کے جنرل بس سٹینڈ کو سٹیٹ آف دی آرٹ بنایا جائے گا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ پنجاب حکومت کی ہدایت کے مطابق ٹرانسپورٹ سٹینڈز پر مسافروں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کو ہر ممکن یقینی بنایا جائے۔ کمشنر گوجرانوالہ نے چیلیانوالہ میں جاری مختلف ترقیاتی سکیموں کا معائنہ کیا۔ انہوں نے کام کی کوالٹی اور رفتار کا جائزہ لیا۔ کمشنر گوجرانوالہ نوید حیدر شیرازی کا کہنا تھا کہ مفاد عامہ کو پیش نظر رکھتے ہوئے محکموں کی ذمہ داری ہے کہ وہ ان منصوبوں کو مکمل شفافیت اور حکومتی ترجیحات کے مطابق تعمیر کریں۔



ہر گنہگار بندہ اپنے رب سے بخشش کا طلبگار ہے: سید شفاعت رسول شاہ

شب برت کی اصل روح توبہ، استغفار اور اللہ کی رضا حاصل کرنے میں ہے، شب برت گناہوں سے معافی مانگنے اور نیک اعمال کا تجدید عہد کرنے کا بہترین موقع ہے



فیصل آباد (ملک بشیر احمد) دارالعلوم نوریہ رضویہ و بغدادی جامع مسجد گلبرگ اے میں شب برات کے موقع پر سید شفاعت رسول شاہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا شب کے معنی رات اور رات کے معنی چھٹکارے ہیں یہ رات اللہ رب العزت کی رحمتوں اور مغفرت کا خاص موقع ہے آج کی رات ایسی رات ہے۔ کہ ہر گنہگار بندہ اپنے رب سے بخشش کا طلبگار ہے آج کی رات اپنی ذات کی نفی کرتے ہوئے اپنے رب سے مانگتے چلیں جائیں آج وہ دیتا چلا جائے گا شب برت کی اصل روح توبہ، استغفار اور اللہ کی رضا حاصل کرنے میں ہے، شب برت گناہوں سے معافی مانگنے اور نیک اعمال کا تجدید عہد کرنے کا بہترین موقع ہے انھوں نے مزید کہا اس رات میں اللہ تعالیٰ اپنی رحمت کے دروازے کھول دیتا ہے اور بندوں کی دعائیں قبول فرماتا ہے۔ شب برات، ماہِ شعبان کی پندرہویں رات، اسلامی روایت میں بے حد اہمیت کی حامل ہے۔ یہ مقدس رات الٰہی رحمت اور آسمانی برکتوں میں لپٹی ہوتی ہے اور اسے وہ موقع قرار دیا جاتا ہے جب تقدیریں لکھی جاتی ہیں، گناہ معاف کیے جاتے ہیں، اور دعائیں آسمانوں کی طرف بلند ہوتی ہیں۔ یہ روحانی تجدید کی رات ہے، جس میں مومن اپنے خالق کے حضور گڑگڑاتے ہیں، توبہ کرتے ہیں اور گھر کے غور وفکر میں مشغول ہو کر بخشش اور الٰہی عنایت کے طلبگار ہوتے ہیں شب برات کی عظمت کا اشارہ قرآن مجید میں بالواسطہ طور پر ملتا ہے اسی رات میں ہر حکمت والے کام کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔

ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے کی ہدایات پر غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے خلاف بھرپور آپریشن جاری

منظوری کے بغیر قائم کی جانے والی چار غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے بعض تعمیراتی ڈھانچوں کو مسمار اور موقع پر موجود دفاتر کو سربمہر کر دیا



فیصل آباد (مہاں محمد ساجد) ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے محمد آصف چوہدری کی ہدایات پر غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے خلاف بھرپور آپریشن جاری ہے اس سلسلے میں ایف ڈی اے کی انفورسمنٹ ٹیم نے کینال روڈ کے قریب کارروائی کرتے ہوئے کئی منظوری کے بغیر قائم کی جانے والی چار غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے بعض تعمیراتی ڈھانچوں کو مسمار اور موقع پر موجود دفاتر کو سربمہر کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے کے تفویض کردہ اہداف کی تعمیل کرتے ہوئے ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ اسماء حسن کی طرف سے خبردار کیا گیا ہے کہ ہاؤسنگ سکیموں کی کسی منظوری کے بغیر پلاٹس کی فروخت اور ڈویلپمنٹ سے اجتناب کیا جائے بصورت دیگر بعض ڈویلپرز خلاف ورزی جاری رکھے ہوئے تھے جس پر اسٹیٹ آفیسر میاں شہزاد فرخ کی سربراہی میں ایف ڈی اے کی انفورسمنٹ ٹیم نے کینال روڈ پر کارروائی کی اور چک نمبر 204 رب کی آراضی پر کینال ولاز ا، ایکسٹینشن، رائل بلاک کینال پارک، چک نمبر 193 رب کی اراضی پر گرین لینڈ فارم ہاؤسز اور ایکسپریس ویلی کی بلا منظوری قیام کی کوشش ناکام بنادی۔ آپریشن کے دوران غیر قانونی تعمیراتی ڈھانچوں کو مسمار کر کے ان کے دفاتر کو سیل کر دیا گیا۔ ایف ڈی اے انتظامیہ کی طرف سے ڈویلپرز کو کہا گیا ہے کہ وہ ہاؤسنگ سکیموں کے قیام کے لئے تمام تر قانونی تقاضے پورے کر کے باقاعدہ منظوری حاصل کریں بصورت دیگر مزید خلاف ورزیوں پر قصورواروں کے خلاف فوجداری کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

شیخوپورہ: جدید سہولیات سے آراستہ ''''نمرہ ہسپتال'''' میں میڈیکل فری کیمپ کا انعقاد

میڈیکل فری کیمپ کا افتتاح معروف پیشکسٹ فزیشن وگولڈ میڈلسٹ ڈاکٹر امتیاز احمد نے کیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) شیخوپورہ شہر کے وسط کی آبادی علامہ اقبال پارک میں واقع جدید سہولیات سے آراستہ ''''نمرہ ہسپتال'''' میں میڈیکل فری کیمپ لگایا گیا۔ جس کا افتتاح معروف پیشکسٹ فزیشن و گولڈ میڈلسٹ ڈاکٹر امتیاز احمد نے کیا اس موقع پر '''' نمرہ ہسپتال'''' کے چیف ایگزیکٹو ڈاکٹر محمد اسلم خان شیروانی، آئی پیشکسٹ ڈاکٹر اویس اصغر اور فزیوتھراپی کی ماہر ڈاکٹر مومنہ غفور اور ڈاک

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

آرمی چیف کا فتنہ الخوارج کی سوچ مسلط نہ ہونے دینے کا عزم

پاک فوج کے سربراہ جنرل سید عاصم منیر سے پاکستان بھر سے مختلف جامعات سے آنے والے طلبہ نے ملاقات کی۔ طلبہ سے گفتگو کرتے ہوئے آرمی چیف نے کہا کہ پاکستانی عوام، بالخصوص نوجوانوں کا پاک فوج سے ایک انتہائی مضبوط رشتہ ہے، ملک دشمن عناصر کی فوج اور عوام کے درمیان خلیج ڈالنے کی کوشش ہمیشہ ناکام رہی ہے اور رہے گی، ہمیں اپنے مذہب، تہذیب اور روایات پر فخر ہے، پاکستان کے آئین کا آغاز بھی ان الحکم الا للہ) حاکمیت صرف اللہ کی ہے (سے ہوتا ہے، یہ فتنہ الخوارج کس شریعت اور دین کی بات کرتے ہیں؟ ہم کبھی بھی فتنہ الخوارج کو اپنی فرسودہ سوچ ملک پر مسلط نہیں کرنے دیں گے۔ آرمی چیف کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے غیور عوام دہشت گردوں کے خلاف آہنی دیوار کی طرح کھڑے ہیں۔ جنرل عاصم منیر نے طلبہ کی حوصلہ افزائی کی کہ وہ اپنی تعلیمی سرگرمیوں میں بہترین کارکردگی کے لیے کوشش کریں اور ایسی مہارتیں پیدا کریں جو انھیں ملک کی ترقی میں مثبت کردار ادا کرنے کے قابل بنائے۔ یہ حقیقت ہے کہ پاک فوج اور عوام کے مابین ایک مضبوط اور گہرا رشتہ استوار ہے جسے ایک مخصوص جماعت نے ریاستی اداروں بالخصوص افواج پاکستان کے خلاف پروپیگنڈا کر کے اس مضبوط رشتے میں دراڑیں ڈالنے کی کوشش کی جسے عوام نے مسترد کر کے مکمل ناکام بنا دیا۔ بالخصوص نوجوان طبقہ نے افواج پاکستان کے خلاف ہر پروپیگنڈے کو بری طرح مسترد کر دیا۔ اس وقت فتنہ الخوارج کی صورت میں پاکستان کو سب سے بڑا چیلنج درپیش ہے جس سے نمٹنے کے لیے ہماری عسکری ادارے ہمہ وقت نہ صرف تیار ہیں بلکہ ان کے خلاف برسر پیکار بھی ہیں اور ان کی فرسودہ سوچ کو ملک پر مسلط نہ ہونے دینے پر پرعزم ہیں۔ اسی تناظر میں افواج پاکستان خوارج کے خلاف مختلف آپریشنز جاری رکھے ہوئے ہیں اور ان آپریشنز میں اپنی جانوں کے نذرانے بھی پیش کر رہی ہیں۔ افواج پاکستان کی بے دریغ قربانیوں کے پیش نظر خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے غیور عوام دہشت گردوں کے خلاف آہنی دیوار بن کر اپنی فوج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔

میاں نواز شریف کا جانشین کون؟ بانی پی ٹی آئی کے نام خط



بعدالت جناب میاں محمد شریف (مرحوم)
بنام جان پدر، تابع فرمان میاں محمد نواز شریف
درجہ: عالم بالا
نوعیت مقدمہ (سیاسی جانشینی)
ایک مشورہ عمران خان صاحب کیلئے
صداباد شاہی صرف اللہ تعالی کی ہے باقی سب عہدے، اقتدار فانی اور عارضی ہیں۔

عالم بالا سے ابا جی کا مراسلہ۔ کے عنوان سے سینئر صحافی۔ کالم۔ نگار محترم سہیل وڑائچ صاحب نے اپنے کالم میں سابق وزیر اعظم میاں محمد نواز شریف کے والد گرامی کی جانب سے عالم بالا۔۔ جنت۔۔۔ سے لکھے فلسفہ سے بھرپور خط کا حوالہ دیتے ہوئے بڑی تفصیل کے ساتھ میاں محمد نواز شریف کو اپنے بھائی میاں محمد شہباز شریف اور صاحبزادی مریم نواز شریف میں سے اپنا سیاسی جانشین مقرر کرتے وقت سوچنے سمجھنے اور غور و فکر کے بہت سارے پہلو اجاگر کیے ہیں۔

عالم بالا سے آئے مراسلے کا فلسفہ انتہائی حکمت و دانش کا انمول خزانہ معلوم ہوتا ہے۔ میاں محمد شریف مرحوم کی دانشمندی اور دور اندیشی کے قصے تو ہم نے سن ہی رکھے تھے عالم بالا سے جان پدر کے نام مراسلے میں علامہ اقبال صاحب کے ساتھ مشورے کا ذکر اور چوہدری خاندان کے اتحاد کا حوالہ میاں شریف صاحب (مرحوم) کی دانش و حکمت کا بہترین نمونہ ہے۔

اباجی نے عالم بالا سے میاں نواز شریف کو جو پیغام بھیجا اسے سہیل وڑائچ صاحب نے بڑے مفکرانہ اور رازدرانہ انداز میں تحریر کیا ہے۔ میاں محمد نواز شریف کی اپنے والدین سے محبت اور تابع داری کا جو نقشہ سہیل وڑائچ صاحب نے کھینچا وہ حقیقت پر مبنی اور مراسلے کے اصلی ہونے کی دلیل ہے۔

آج کل خطوط لکھنے والوں کی تعداد بہت تیزی سے بڑھتی ہوئی محسوس ہو رہی ہے۔ کبھی جج صاحبان۔ جج صاحبان کو خط لکھتے ہیں کبھی اڈیالہ جیل سے بانی پی ٹی آئی آرمی چیف اور چیف جسٹس کے نام خط لکھتے ہیں تو کبھی عالم بالا سے سابق وزیر اعظم میاں محمد نواز شریف کے نام ان کے والد مرحوم میاں محمد شریف کے مراسلے کا ذکر پڑھنے کو ملتا ہے۔

جج اور اڈیالہ کے خطوط کے چرچے تو ہر طرف سنائی دیتے ہیں تاہم عالم بالا والے مراسلے کے متعلق وہی جانتے ہیں جنہوں نے محترم سہیل وڑائچ صاحب کا کالم پڑھا ہوگا۔ سہیل وڑائچ صاحب نے انتہائی پیچیدہ اور اہم موضوع کو زیر قلم لانے کیلئے تخیلات کی کھڑکی سے عالم بالا میں جھانکا ہوگا میاں نواز شریف کے والد۔ والدہ اہلیہ اور بھائی عباس شریف مرحوم کی سرگوشیاں بڑی تفصیل سے سنی ہوں گی۔ پھر اپنے گہرے طویل صحافتی تجربے کے دم پر فکر انگیز اور فلسفانہ انداز میں تحریر کر دیا ہوگا۔ موضوع ایسا پیچیدہ اور سنجیدہ تھا کہ سہیل وڑائچ صاحب اپنی طرف سے مشورہ دیتے تو یقیناً میاں نواز شریف کی طرح مشکل میں پھنس جاتے ہیں۔ میاں محمد شہباز شریف اور محترمہ مریم نواز میں سے کوئی ایک خوش ہو جاتا تو دوسرے کی ناراضگی کے قوی امکانات موجود تھے۔ سہیل صاحب نے عالم بالا سے سابق وزیر اعظم میاں محمد نواز شریف کے والد کی جانب سے اپنے تابع فرمان بیٹے کو اپنا سیاسی جانشین مقرر کرتے وقت بھائی میاں محمد شہباز شریف کی وفاداری کے ساتھ خاص ادارے کے ساتھ اچھے تعلقات کا بھی حوالہ دیا۔ گڑیا بیٹی محترمہ مریم نواز شریف کی ثابت قدمی اور والد کی برائے راست تربیت جیسے اہم پہلو بھی اجاگر کیے۔ مکمل فیصلہ صادر کرنے کی بجائے اپنے جان پدر کو نصیحت کی کہ جو بھی فیصلہ کرنا اپنے بھائی کو اعتماد میں ضرور لینا۔ گڑیا بیٹی کی محبت میں فیصلہ پارٹی اور خاندان کے اتحاد و اتفاق کو چوہدری خاندان کی طرح منتشر کر سکتا ہے لہٰذا اپنے وفادار بھائی کی حیثیت کو بیٹی کی حیثیت سے کم نہ کرنے کا فیصلہ نما مشورہ دیتے ہوئے علامہ اقبال سے ملاقات اور میاں محمد بخش صاحب کے کلام سیف الملوک کا بھی حوالہ دیا۔

بھائی بھائیاں دے دشمن ہوندے۔
بھائی بھائیاں دیاں باہواں۔
باپ سراں دے تاج محمد۔
ماواں ٹھنڈیاں چھاواں۔

یعنی سہیل وڑائچ صاحب نے میاں نواز شریف کو زبردست انداز میں مفید ترین مشورہ دیا کہ جو بھائی بازو بنا اس کا دشمن بننا مناسب نہیں۔ مزید آسان کرنے کیلئے میاں محمد نواز شریف کے نام ایک چھوٹا پیغام راقم بھی دینا چاہتا ہے۔ میاں صاحب آپ اپنی زندگی میں اپنا جانشین مقرر کرنے کی بجائے نصیحت اور وصیت کریں۔ آپ سینئر سیاستدان ہیں۔ آپ نے آسانی اور مشکلات۔ عروج و زوال کے کئی ادوار دیکھے اور جھیلے ہیں لہٰذا آپ بہتر سمجھ سکتے ہیں۔

والد گرامی کی وفات کے بعد میاں شہباز شریف نے میاں نواز شریف کو بڑے بھائی کے ساتھ باپ کا درجہ دیا، ہمیشہ تابعدار رہے۔ ہمیشہ بھائی کے ساتھ وفادار رہے، ہمیشہ بھائی کے بازو مضبوط کیے، اپنے بڑے بھائی، خاندان اور پارٹی کا بھرم قائم رکھا۔ بڑے میاں صاحب سوچیں سابق وزیر اعظم بانی پاکستان پیپلز پارٹی ذوالفقار بھٹو کا کوئی مخلص بھائی ہوتا تو انہیں پھانسی نہ لگنے دیتا، بانی پی ٹی آئی کو دیکھ لیں ان کے پاس کوئی شہباز شریف جیسا بھائی ہوتا تو کم از کم اچھے مشورے تو ضرور دیتا۔

شہباز شریف پر بیٹی کی قابلیت اور محبت کو فوقیت دینے کا مطلب بھائی کے رشتے اور وفاداری کو فراموش کرنا تصور ہوگا لہٰذا کسی قسم کی جلد بازی میں غلط فیصلہ کرنے سے بہتر ہوگا کہ خاندان اور پارٹی کی سربراہی اپنے پاس ہی رکھیں۔ اپنے وفادار بھائی اور بیٹی میں تفریق پیدا کرنے کی بجائے ایسا حل نکالیں جو پارٹی اور خاندان کو جوڑے رکھے اور چچا، بھتیجی ایک دوسرے کے ساتھ متحد ہو کر چلیں، چچا بڑے ہیں تو انہیں بڑی جگہ دیں، بیٹی ہونہار اور جان سے پیاری ہے تو انہیں بھی اچھے مقام سے نوازیں۔

اب کچھ الفاظ بانی پی ٹی آئی کے نام۔ خان صاحب کا مسئلہ یہ ہے کہ انہیں آزادی بھی چاہیے۔ مقدمات سے جان بھی چھڑوانی ہے۔ آئندہ اقتدار کے راستے بھی کھولنے ہیں وہ بھی عوامی سطح پر کسی قسم کی کمزوری ظاہر کئے بغیر۔ خان صاحب جیل سے بیرون ملک بھی نہیں جانا چاہتے اور رہائی پر کسی قسم کی ڈیل کا تاثر بھی نہیں چاہتے۔ خان صاحب گزارش ہے کہ یہ سب کچھ ایک ہی وقت میں ممکن نہیں ہوگا۔ آپ کسی بھی کھڑکی۔ کسی بھی دروازے سے ریلیف حاصل کریں مخالفین اسے ڈیل ہی کہیں گے۔ اپنے دور اقتدار میں مخالفین کیخلاف آپ نے جو لب ولہجہ استعمال کیا تھا اسی قسم کے معاملات کا آپ کو بھی سامنا ہے اور آگے بھی کرنا پڑے گا لہٰذا بہتر یہی ہے کہ اضافی دلیری دیکھانے کی بجائے جیل سے آزادی حاصل کریں۔ اپنی جان بچانے میں کامیاب ہو گئے تو سمجھیں سیاست بھی بچ جائے گی۔ آپ کو کس بات کا ڈر ہے۔ آپ کے چاہنے والے نظریات یا عقائد کی بنیاد پر نہیں بلکہ آپ کی شخصیت کے دیوانے ہیں وہ تو آپ کی ہر ادا پر فدا ہیں۔ راقم وہ نہیں جانتا جو آپ جانتے ہیں اور سہیل وڑائچ صاحب جیسا تجربہ بھی نہیں رکھتا اس لیے انتہائی سادہ اور سیدھے الفاظ میں انتہائی مخلص اور بالکل مفت مشورہ ہے کہ آپ ڈیل یا ڈھیل کسی بھی طرح اپنی اور اہلیہ کی رہائی ممکن بنائیں۔ یقین رکھیں آپکو ایسا مشورہ آپ کے کسی فیملی ممبر کے علاوہ کوئی پارٹی عہدیدار یا آپ کا کارکن نہیں دے گا۔ آپ جیل میں بیٹھ کر جسے بھی اپنا جانشین مقرر کریں گے اس کی سو مجبوریاں۔ ہزار ضرورتیں اور لاکھوں خواہشات ہیں باقی آپ خود سمجھدار ہیں۔ خان صاحب کو حاصل عوامی مقبولیت ان کی کسی خوبی یا کارکردگی کے سبب کم جبکہ اُن کے مخالفین اور سسٹم کی نفرت کے نتیجے میں لوگ عمران خان سے محبت کر رہے ہیں۔ لوگ اُن کو سسٹم مخالف سمجھ رہے ہیں۔ وہ ڈیل کے ذریعے جیل سے رہائی حاصل کریں یا کہیں سے ڈھیل حاصل کر کے درجہ قبولت کی طرف رخت سفر باندھیں یا پھر جیل میں بیٹھے رہیں چاہنے والوں کی حمایت ہر صورت اُن کے ساتھ رہے گی لہٰذا بہتر ہوگا کہ حقیقت حال سے فائدہ اٹھائیں۔ کسی بھی صورت جیل اور مقدمات سے آزادی حاصل کریں

اپنے دور اقتدار میں خان صاحب جس خوش فہمی کا شکار تھے اسی قسم کی غلط فہمیاں ہر دور کے حکمرانوں کو ہو جایا کرتیں ہیں۔ خان صاحب کہا کرتے تھے کہ ان کے علاوہ تو کسی کے پاس کوئی چوائس ہی نہیں۔ پھر (اسی۔۔کسی) نے اپنی چوائس بدلی جس کے نتیجے میں خان صاحب نہ حکومت بچا سکے نہ اپنی مرضی کا چیف جسٹس لگا پائے اور نہ ہی پسندیدہ جنرل کو آرمی چیف کے عہدے پر فائز کرنے میں کامیاب ہوئے الٹا ایوان اقتدار سے نکل کر جیل کے مہمان بن گئے۔ جو حقیقت سمجھانے والے خان صاحب کو سمجھانے میں ناکام رہے امید ہے وقت نے تسلیم کروا دی ہوگی۔ اب خان صاحب اچھی طرح سمجھ گئے ہوں کہ صداباد شاہی صرف اللہ تعالیٰ کی ہے باقی سب عہدے، اقتدار فانی اور عارضی ہیں!

مرحوم کے حقیقی وارث حصہ دوئم

میں تصویر حیرت بنا مادیت پرستی میں غرق گدھ نما انسانوں کو دیکھ رہا تھا۔ جوان انسان کی لاش گھر پڑی تھی انسان بھی وہ جس نے اِن سب پر احسانات کئے تھے اِن کی غربت دور کرنے میں مدد کی تھی اِن کے مشکل وقتوں میں ان کے کام آیا تھا۔ جب وہ شخص زندہ تھا یہ اس کے آگے پیچھے خوشامدیں کرتے پھرتے تھے اگر مرحوم کے ماتھے پر ہلکی سی شکن بھی پڑ جاتی تو اِن کی سانسیں رک جاتی تھیں خوشامدیوں کا یہ ٹولا دن رات اپنی محبتوں کا یقین دلاتا جھوٹی خوشامدیں تعریفیں کرتے اور آج جب وہ دنیا سے چلا گیا تو اس کی لاش بے یار و مددگار پڑی تھی اور یہ مردار خور جانوروں کی طرح اس کی جائیداد کے حصے کرنے پر تلے ہوئے تھے۔ میں نے دو تین بار پوچھا کہ جنازہ کب ہے اور کس مسجد جانا ہے اور قبر کا انتظام ہو گیا ہے کہ نہیں، تو وہ کہتے کہ پریشانی اور دکھ سے دل و دماغ شل ہو چکے ہیں ابھی ہم فیصلہ کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہیں ابھی ہمیں سمجھ نہیں آ رہی، لیکن جائیداد اور گاڑیوں کی لوٹ مار میں ان کے دماغ چل رہے تھے کہ کس کس بنک میں اکاؤنٹس ہیں جائیداد کہاں کہاں ہے کاروبار کی نوعیت کیا ہے ہر کوئی جائیداد اور کاروبار پر قبضے کے چکر میں تھا کہ ذرہ سی سستی میں دوسرا قبضہ نہ کر لے، دھینگا مشتی کا وحشیانہ کھیل جاری تھا مرحوم کی نوجوان بیٹی بار بار باپ کی لاش سے لپٹ رہی تھی بیوی اور ماں کو بار بار غم کی شدت سے بے ہوشی کے دورے پڑ رہے تھے چھوٹے بچے حیران نظروں سے لوگوں کے ہجوم کو دیکھ رہے تھے نقصان تو بیوی بچوں اور ماں کا ہوا تھا جن کے سر سے چھت اتر گئی تھی جنہیں اب زندگی کی تلخ حقیقتوں سے ننگے پاں گزرنا ہوگا۔ جن کا لاڈ اور نخرے اٹھانے والا دنیا سے چا چکا تھا حقیقی متاثرین اور دکھی لوگ تو یہ تھے جن کا ناقابل تلافی نقصان ہوا تھا۔ جن کی زندگی ویرانیوں میں تبدیل ہو گئی تھی جن کے گھر پر دکھ پریشانی حسرت و یاس نے ڈیرے جما لیے تھے میرا دل رشتہ داروں کی مادیت پرستی اور ابن الوقتی پر خون کے آنسو رو رہا تھا خون کس طرح سفید ہوتا ہے اِس کا عملی مظاہرہ میں یہاں دیکھ رہا تھا۔ میرے اور چند اور دوستوں کے کہنے پر چند اہل محلّہ حرکت میں آئے اِن سب کو اکٹھا کیا کہ جنازے اور قبر کے انتظامات فائنل کریں اب لوگوں کے بار بار مجبور کرنے پر انہوں نے جنازے کے وقت کا اعلان کیا اور قبر کے انتظامات کے لیے چند لوگوں کو بھیجا۔ جب یہ معاملات طے ہو گئے تو اب ایک نیا مسئلہ سامنے آ گیا اب بھائی صاحب کا پر اصرار اور ضد تھی کہ جنازے پر یہ اعلان کیا جائے کہ مرحوم کے تمام کاروبار جائداد اور لین دین کا وارث اور ذمہ دار میں ہوں۔ سسر اور سالا اِس بات سے شدید اختلاف کر رہے تھے کہ بھائی کو تو مرحوم زندگی میں ہی کاروبار سے نکال چکا تھا اِس لیے یہ حق اور ذمہ داری ہماری بنتی ہے۔ یہ اعلان ہمارا ہوگا۔ جب بہن اور بہنوئی کو اِس بات کا پتہ چلا تو انہوں نے بھی اپنا حق اور خدمات کا ڈھنڈورا پیٹنا شروع کر دیا کہ مرحوم کے سب سے اچھے



تعلقات ہمارے ساتھ تھے لہذا ہم ہی حقیقی وارث ہیں لیکن بہن اور بہنوئی کی جب دال نہ گلی تو انہوں نے فوری طور پر بھائی کے ساتھ اتحاد کر لیا کہ ہم مل کر کام اور جائیداد کو سنبھالیں گے۔ اب بھائی کا پلڑا بھاری ہو گیا، بہن بھائی نے ماں جی کو بھی ساتھ ملا لیا اب زبردستی یہ فیصلہ ہو گیا کہ جنازے پر بھائی کا اعلان ہوگا۔ بھائی نے مرحوم بھائی کے موبائل پر اور گھڑی پر قبضہ کر کے یہ اعلان کر دیا کہ اب اگلا وارث میں ہوں بھائی کے چہرے پر اور بہن اور بہنوئی کے چہروں پر غم اور اداسی کی بجائے اب فاتحانہ مسکراہٹ رقص کرتی نظر آئی۔ وہ میدان جیت چکے تھے وہ بھائی کی موت کے صدمے کو بھول چکے تھے اب انہوں نے گھر اور دفتر اور گاڑیوں کی چابیوں پر قبضہ کیا میں معصوم بچوں اور بیوی کے غم و اندوہ میں غرق چہروں کو دیکھ رہا تھا کہ وہ مرحوم کی موت کے صدمے میں اِس طرح ڈوبے ہوئے تھے کہ انہیں بلکل بھی خبر نہ ہوئی کہ ان کے گھر میں مرحوم کی لاش کی موجودگی میں ہی کتنا خطرناک کھیل کھیلا جا رہا تھا۔ انہیں پتہ ہی نہ چلا کہ کس طرح ان کی تھوڑی بہت جمع پونجی پر بھی ہاتھ صاف کیا جا رہا ہے۔ جب بھائی نے دیکھا کہ اب معاملات اس کے کنٹرول میں ہیں تو اب وہ فاتحانہ نظروں اور حرکات سے ادھر ادھر گھوم رہا تھا کیونکہ وہ بیٹھے بیٹھے کروڑوں کی جائداد کا مالک بن چکا تھا۔ کل جو بھائی کے سامنے ہاتھ پھیلاتا تھا آج خود اس کی جگہ کھڑا ہو کر اِس خاندان اور دولت پر اس کا قبضہ ہے وہ جس کے ساتھ جو چاہے سلوک کرے کوئی اِس کو روکنے والا نہیں ہے۔ کیونکہ میرا مرحوم کے ساتھ بہت اچھا وقت گزرا تھا اِس لیے میں آخری رسومات تک اِدھر ہی رہنا چاہتا تھا۔ میرا دل چاہ رہا تھا کہ آخری دم تک رکوں اور دعا کر کے ہی واپس جاں لیکن اِن ظالموں ما دیت پرست جانوروں کے خون آلودہ چہروں کو دیکھ کر مجھے بار بار کراہت کا احساس ہو رہا تھا کہ کس طرح لوگوں کے چہروں کے رنگ بدلتے ہیں کس طرح جب کسی کو موقع ملتا ہے تو وہ کس طرح فائدہ اٹھاتا ہے لوگ یہ بھول جاتے ہیں کہ گردش لیل و نہار کے بعد کل انہوں نے بھی موت کی وادی میں اترنا ہے اور یوم محشر میں تمام اعمال کا حساب و کتاب ہوگا لیکن یہ لوگ ہر چیز سے بے خبر لوٹ مار میں لگے ہوئے تھے۔ ان کی حرکتیں دیکھ کر بہت دکھ ہو رہا تھا اور پھر آخر نماز جنازہ کا وقت آیا تو ہم جنازہ گاہ پہنچے وہاں بھی چھوٹا بھائی پیش پیش تھا وہ اپنی حکومت اور اقتدار کو انجوائے کر رہا تھا۔ جنازہ ہوا اور پھر وہاں پر اعلان کیا گیا کہ مرحوم کے بعد اس کے تمام لین دین کا مالک اب اس کا چھوٹا بھائی ہوگا۔ آج سے مرحوم کہ جگہ تمام اختیارات کا مالک یہ بھائی ہو گا اور بھائی فاتحانہ نظروں سے دیکھ رہا تھا اور اِس طرح کھڑا تھا۔ جیسے کوئی بہت بڑی جنگ جیت کر آیا ہو جیسے اس کی گم شدہ دولت یا لاٹری لگ گئی بھائی کی موت اور جدائی کا غم اسے بلکل نہیں تھا وہ تو مستقبل کے سہانے خوابوں اور تانوں بانوں میں گم تھا کہ بھائی کی دولت کا روبار اور گاڑیوں کا اب وہ اکلوتا وارث ہے اِن کو کس طرح استعمال اور عیاشی کرتی ہے وہاں ایک عجیب منظر بھی دیکھا کہ جنازے پڑھتے ہیں سالا صاحب اور سسر صاحب غصے سے اٹھے اور چلے گئے کیونکہ وہ خود کو شکست خوردہ سمجھ رہے تھے بھائی کی جیت اور متکبرانہ رویہ ان سے برداشت نہیں ہو رہا تھا۔ اب ہم قبرستان چلے گئے جہاں مرحوم کو پیوند خاک کر دیا گیا۔ اِس طرح مٹی کا ڈھیر مٹی کے ڈھیر کا حصہ بن گیا۔ اب ہم واپس گھر آئے تو سب کو شدت سے انتظار تھا کہ کھانا کیسا ہے اور اب کھانا ملے گا وہ مرحوم جس نے ساری زندگی اِب سب کی خوشیوں اور خواہشوں کا احترام کرنے میں گزاری یہ اس کو زمین کے حوالے کر کے اب کھانے پر جھپٹنے کے لیے تیار تھے پھر کھانا کھل گیا بھائی صاحب مرحوم کی دولت کا استعمال کر رہے تھے لوگ بریانی اور کولڈ ڈرنکس پر ٹوٹ پڑے اِسطرح جیسے کسی شادی یا خوشی کے فنکشن پر آئے ہوں میں انسانوں کو انسانیت کے بہت نچلے حصے میں جانوروں کی طرح رینگتے ہوئے دیکھ رہا تھا کہ جس طرح کوئی مر جائے تو دوسرے جانور اس کے جسم کو ادھیڑنا شروع کر دیتے ہیں یا گِدھیں اور دوسرے جانور کسی بیمار جانور کی موت کا انتظار کرتے ہیں کہ کب یہ مرے اور کب یہ اس کے جسم کو نوچیں اور پھر اِس بات پر لڑائی کہ ہمیں صرف چاول دیئے جا رہے ہیں گوشت نہیں پھر بھائی صاحب میری طرف بڑھے کہ جناب آپ کے لیے خصوصی کھانا لگایا جا رہا ہے وہ کھانا کھلا کر مجھے بھی اپنی ٹیم کا حصہ بنانا چاہتا تھا اس کی حرکتیں دیکھ کر میرا دم گھٹنا شروع ہو گیا مجھے گھن آ رہی تھی میری سانسیں رک رہی تھیں میں بدلتے رنگوں کو دیکھ کر دکھی ہو گیا تھا میں بھاگ کر گھر سے باہر نکلا کیونکہ وہاں مجھے انسان کم اور مردار خور جانور زیادہ نظر آ رہے تھے۔

آئی ایم ایف کے وفد کا نظام پر عدم اعتماد ہر ادارے سے براہ راست سوالات؟؟؟؟

آئی ایم ایف کے وفد کے حالیہ دورہ پاکستان نے ماہرین، اپوزیشن رہنماؤں اور عام لوگوں میں خاصی دلچسپی اور تشویش کو جنم دیا ہے۔ سپریم کورٹ، پریس، آڈیٹر جنرل آف پاکستان، اور فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) سمیت اہم اداروں کے ساتھ وفد کی ملاقاتوں نے ملک کے معاشی انتظام اور اس کی پالیسیوں کی تشکیل میں IMF کے کردار کے بارے میں سوالات اٹھائے ہیں۔ ماہرین نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ مالی امداد کی فراہمی کے لیے آئی ایم ایف کی شرائط پاکستان کی خودمختاری اور معاشی آزادی پر سمجھوتہ کر سکتی ہیں۔ وہ دلیل دیتے ہیں کہ مالیاتی نظم و ضبط اور ساختی اصلاحات پر آئی ایم ایف کا زور مزید کفایت شعاری کے اقدامات کا باعث بن سکتا ہے، جس سے غربت اور عدم مساوات میں اضافہ ہو سکتا ہے حزب اختلاف کے رہنماؤں نے معیشت کو سنبھالنے اور آئی ایم ایف پر انحصار کرنے پر بھی حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ ان کا دعوی ہے کہ حکومت کی پالیسیاں پاکستان کے معاشی مسائل کی بنیادی وجوہات کو حل کرنے میں ناکام رہی ہیں اور یہ کہ آئی ایم ایف کی شرائط حالات کو مزید خراب کر دیں گی۔ ان خدشات کے جواب میں پاکستان میں آئی ایم ایف کے رہائشی نمائندے ماہر بنیکی نے اپنی اقتصادی اصلاحات پر پاکستان کی ملکیت کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف معاشی استحکام اور ترقی کے حصول کے لیے پاکستان کی کوششوں کی حمایت کرتا ہے، ساتھ ہی اس بات کو بھی یقینی بناتا ہے کہ ملک کی سب سے زیادہ کمزور آبادی کو تحفظ فراہم کیا جائے۔ مجموعی طور پر، آئی ایم ایف کے وفد کے دورے نے پاکستان کو بین الاقوامی اداروں کے ساتھ اپنے اقتصادی تعلقات کو احتیاط سے سنبھالنے اور اپنے لوگوں کی



ضروریات اور مفادات کو ترجیح دینے کی ضرورت کو اجاگر کیا ہے۔ پاکستان اہم اقتصادی چیلنجز کا سامنا کرنے کے باوجود مختلف شعبوں میں ترقی کر رہا ہے۔ جولائی 2023 میں آئی ایم ایف کی جانب سے اسٹینڈ بائی ارینجمنٹ کی منظوری کے ساتھ ملک نے میکرو اکنامک استحکام کی طرف پیش رفت کی ہے۔ اس سے شرح مبادلہ کی لچک کو بحال کرنے، درآمدی کنٹرول میں نرمی اور مالیاتی خسارے پر قابو پانے میں مدد ملی ہے۔ عالمی بینک آفات سے نمٹنے کی صلاحیت کو بڑھانے کے لیے پاکستان کی کوششوں کی حمایت کرتا رہا ہے، خاص طور پر 2022 کے سیلاب کے بعد۔ سندھ فلڈ ایمرجنسی بحالی پروجیکٹ اور سندھ فلڈ ایمرجنسی ہاؤسنگ ری کنسٹرکشن پروجیکٹ جیسے پروجیکٹس کا ہے۔ سماجی اخراجات پر پروگرام کا زور صحت کی دیکھ بھال اور تعلیم جیسی ضروری خدمات تک بہتر رسائی کا باعث بنا ہے۔ نجی شعبے کی ترقی پر آئی ایم ایف پروگرام کی توجہ نے پاکستان میں روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے میں مدد کی ہے۔ آئی ایم ایف پروگرام نے شفافیت اور احتساب کو فروغ دے کر پاکستان میں گورننس کو مضبوط بنانے میں مدد کی ہے۔ پروگرام نے پاکستان میں سرمایہ کاروں کے اعتماد کو بہتر بنانے، غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنے اور اقتصادی ترقی کو فروغ دینے میں آئی ایم ایف پروگرام نے بین الاقوامی تعاون میں سہولت فراہم کی ہے، پاکستان کو دوطرفہ اور کثیر جہتی شراکت داروں سے تعاون حاصل ہے۔ مجموعی طور پر پاکستان کی پالیسیوں پر آئی ایم ایف کے ردعمل نے ملک کی معیشت، معاشرے اور سیاست پر مثبت اثرات مرتب کیے ہیں۔ تاہم، چیلنجز باقی ہیں، اور فوائد کو مستحکم کرنے اور پائیدار ترقی کے حصول کے لیے مسلسل کوششوں کی ضرورت ہے۔ میرے نزدیک اداروں کو اپنی کارکردگی اور خود مختاری کو ہر حال میں قائم رکھنا چاہیے ورنہ یہ پنجے مالیاتی غلامی سے آگے بھی بڑھ سکتے ہیں میرے نزدیک موجودہ دورہ انتظامی معاملات میں مداخلت اور ہمیں انتظامی غلامی کی طرف لے جانے کی طرف پہلا قدم بھی ہے ہمیں اپنی کارکردگی اور قوم کے طور پہ اپنے رویوں کو درست کرنے کی ضرورت اور حکومت کو مضبوط انتظامی اور کرپشن فری نظام کی طرف بڑھنا ہوگا ورنہ قرض دینے والا تو قرض کی واپسی کے لیے انتظامات کا حق رکھتا ہے۔

صدر جمہوریہ ترکیہ رجب طیب اردوان "خوش آمدید"

تحریر: کاشان کامل

جمہوریہ ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان کے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے سرکاری دورے کی خبر نے رگ و پے میں فخر و انبساط کی لہر دوڑا دی ہے۔ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان معاملہ صرف کسی حکومت یا حکمران کی نسبت سے نہیں بلکہ دونوں ممالک کے عوام محبت اور اخوت کے لازوال رشتوں میں جڑے ہیں۔ برصغیر کے اس خطے کے لوگوں کا ترکیہ سرزمین کے ساتھ بہت پرانا رشتہ ہے جسے گزرتے وقت اور آزمائشوں نے مضبوط سے مضبوط تر کیا ہے۔ قیام پاکستان کے بعد آر سی ڈی کے معاہدے کے ذریعے علاقائی تعاون کے فروغ کی ایک اہم کوشش کی گئی۔ اس کے بعد بھی مسلم امہ کے مسائل کے حوالے سے دونوں ملکوں کے موقف میں بہت ہم آہنگی پائی گئی۔ ترکیہ میں بھی جمہوریت اور عوامی حکمرانی کے تصور کو بہت ساری مشکلات کا سامنا رہا۔ بمشکل تمام عوامی حکمرانی قائم ہوئی لیکن اس کے باوصف کچھ طبقات میں اس عوامی حکمرانی کے خلاف بے چینی پائی جاتی تھی جس کے حوالے سے ایک بڑی بغاوت برپا کرنے کی کوشش کی گئی لیکن یہاں صدر جمہوریہ رجب طیب اردوان کے ساتھ عوام کی محبت اور بے مثال حمایت سامنے آئی اور ترکیہ کے عوام نے ٹینکوں اور مسلح دستوں کا جذبہ ایمانی اور حوصلے سے سامنا کیا اور اس بغاوت کو بھرپور انداز میں کچل کر رکھ دیا۔ سلطانی جمہور کی اس جیت سے ترکیہ میں اسلامی نشاۃ ثانیہ کی بحالی کے لیے تڑپ کا اندازہ ہوتا ہے۔ ترکیہ کی عوام نے اپنے راہبر رجب طیب اردوان کی معیت میں ہر قسم کے مشکل حالات کا ڈٹ کر مقابلہ کیا ہے۔ بڑی عالمی طاقتوں کے ساتھ متوازن معاملہ کیا، خواہ اپنی کرنسی لیرا کی قیمت گر جانے کا معاملہ ہو یا فلسطین اور غزہ کے مسلمانوں کے ساتھ اسرائیلی بہیمانہ سلوک کا مسئلہ ہو، ہاہی اتفاق سے ترکوں نے ہر مشکل کو حل کیا ہے دوسری جانب اگر وزیر اعظم پاکستان محمد شہباز شریف کے بطور وزیر اعظم عرصے کا جائزہ لیا جائے تو بھی معلوم پڑتا ہے کہ ان کا بھی ہر طرح کے مسائل سے بھرا ہوا تھا۔ دیوالیہ ہونے کے خطرے سے دوچار معیشت، سیاسی عدم استحکام اور معاشرتی تقسیم کے ساتھ ساتھ بگڑتی ہوئی امن و امان کی صورتحال نے ہر محب وطن پاکستانی کو پریشان کر رکھا تھا۔ ریاست کو بنیادی اور سنگین نوعیت کے چیلنجز کا سامنا تھا۔ تاہم وزیر اعظم پاکستان نے ہمت اور تدبر کے ساتھ اپنی ٹیم کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے مقابلہ کیا اور ملک و قوم کی ڈولتی ہوئی کشتی کو بڑی حد تک محفوظ کرنے میں کامیاب رہے ہیں اسی طرح سیاسی نفاق کو کم کرنے میں درکار نتائج کا حصول ممکن بنانے کے لیے ہر کوشش کی جارہی ہے لیکن داخلی سیاست میں ذاتی مفادات کا غلبہ ہونے کے باعث مشکلات زیادہ ہیں

اچھے سکرپٹ نہ ہونے کی وجہ سے سکرین سے دور ہوں: یاسرہ رضوی

مجھے اپنے بچے کے قریب رہنا، اس کا خیال رکھنا اور اسے میسر ہونا اچھا لگتا ہے، اداکارہ



لاہور (یو این پی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ، پروڈیوسر اور لکھاری یاسرہ رضوی نے سکرین سے دوری اختیار کرنے کی وجہ بتادی۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے یاسرہ رضوی نے پاکستانی ڈراموں کی کہانیوں پر بات کرتے ہوئے کہا کہ مجھے تو ایک طویل عرصے سے پاکستان ٹیلی ویژن پر دکھائے جانے والے ڈراموں کی کہانیاں سمجھ نہیں آرہیں۔ انہوں نے ماضی کے ڈراموں کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ میں کلاسیکل پاکستانی ڈرامے دیکھتی تھی اور شاید اب ان کا رواج نہیں رہا، اب ویسے ڈراموں کی کہانیاں نظر نہیں آتیں، ایسا نہیں ہے کہ لوگوں کو معیاری کام کرنا نہیں آتا، بس آج کل ماضی جیسے ڈرامے نہیں بنتے۔ اداکارہ نے کہا کہ میں نے ایک طویل عرصے تک ٹی وی پر بہت محنت سے بہت زیادہ کام کیا۔

میرا وزن کو ویڈ میں بڑی بہن جھانوی کی وجہ سے بڑھا، خوشی کپور



ممبئی (یو این پی) اپنی آنجہانی والدہ سری دیوی اور بہن کے نقش قدم پر چل کر 2023 میں ہدایتکار زویا اختر کی دی آرچیز میں کام کر کے فلمی کیریئر کا آغاز کرنے والی خوشی کپور کا کہنا ہے کہ انکا وزن بڑی بہن جھانوی کپور کی وجہ سے لاک ڈاؤن کے دوران بڑھا۔ 24 سالہ خوشی اب اپنی دوسری فلم لوویایا کی ریلیز کی منتظر ہیں جو کہ سلور اسکرین پر انکی پہلی فلم ہوگی۔ خوشی اور جھانوی کے درمیان بہت زیادہ قربت ہے اور یہ بات سب ہی جانتے ہیں کہ مووی پروموشنز کے حوالے سے جھانوی کا خوشی کے وارڈ روب یا لباس کے معاملات پر کافی زیادہ اثر ورسوخ ہے۔

مجھے بابر اعظم پر کرش ہے، دعا زہرا کا اعتراف

لاہور (یو این پی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی ابھرتی ہوئی اداکارہ و ماڈل دعا زہرہ نے اعتراف کیا ہے کہ ان کو بابر اعظم پر کرش ہے۔ دعا زہرا نے حال ہی میں ایک نجی ٹی وی کے پروگرام میں بطور مہمان شرکت کی جہاں ان سے یہ سوال پوچھا گیا کہ آپ کو اپنے لیے کس طرح کے ہمسفر کی تلاش ہے؟ انہوں نے اس سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ مجھے ایسا لڑکا چاہیے جو سچا اور ایماندار ہو، ہر طرح کی صورتحال میں میرا ساتھ دے مجھ سے جھوٹ نہ بولے اور نہ ہی مجھ سے باتیں چھپائے۔ اداکارہ نے کہا کہ شکل وصورت میں بس اتنا خوبصورت ہو کہ میرے ساتھ اچھا لگے، مالی حالات سے مجھے کوئی مسئلہ نہیں ہے کیونکہ میں خود بھی کماتی ہوں تو میں گزارا کر لوں گی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ مجھے کرکٹ بہت زیادہ پسند ہے۔ دعا زہرا نے پسندیدہ کرکٹر کے بارے میں پوچھے گئے سوال کا جواب دیتے ہوئے بتایا کہ مجھے کرکٹر بابر اعظم بہت زیادہ پسند ہیں اور ان پر میرا کرش بھی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مجھے کرکٹ بہت پسند ہے اور شاید اس لیے بابر اعظم پسند ہیں لیکن جب لوگ سوشل میڈیا پر ان کو ٹرول کرتے ہیں تو مجھے بالکل اچھا نہیں لگتا، اداکارہ نے شو کے دوران سوشل میڈیا صارفین سے یہ درخواست بھی کی کہ براہ کرم! بابر اعظم کو ٹرول نہ کیا کریں۔



ماورا حسین کی امیر گیلانی سے شادی، عروہ حسین کی مبارکباد، مزید تصاویر وائرل

9.1 ملین فالوور رکھنے والی ماورا حسین کو بہن و اداکارہ عروہ حسین نے بھی سوشل میڈیا پر مبارک باد دی



کراچی (یو این پی) لالی و بالی ووڈ اداکارہ ماورا حسین نے اچانک ساتھی اداکار امیر گیلانی سے شادی کر کے مداحوں کو 440 واٹ کا جھٹکا دیا ہے۔ اگر ایسا کہا جائے کہ ماورا اور امیر کی شادی کی تصویروں نے سوشل میڈیا ہائی جیک کیا ہوا ہے تو یہ غلط نہ ہوگا۔ گزشتہ شام ماورا حسین کی امیر گیلانی سے شادی کی تصویروں کا سامنے آنا ہی تھا کہ یہ پاکستان سمیت بھارتی میڈیا پر بھی وائرل نظر آئیں۔ شوبز انڈسٹری کی معروف شخصیات جہاں اس جوڑی کو شادی کی مبارک باد دے رہی ہیں وہیں مداح بھی خوش گوار حیرانی میں ڈوبے اپنی پسندیدہ آن اسکرین جوڑی کے حقیقت میں بھی ہاتھ تھامنے پر ان کے لیے نیک تمناں کا اظہار کر رہے ہیں۔ دوسری جانب انسٹاگرام پر 9.1 ملین فالوور رکھنے والی ماورا حسین کو بہن و اداکارہ عروہ حسین نے بھی سوشل میڈیا پر مبارک باد دی ہے اور اپنے بہنوئی امیر گیلانی کو اپنے خاندان میں خوش آمدید کہا ہے۔ عروہ حسین اور ان کے شوہر، اداکار و گلوکار فرحان سعید نے مشترکہ پوسٹ شیئر کرتے ہوئے خوبصورت تصاویر اپلوڈ کی ہیں۔ ان تصاویر میں جہاں یہ دونوں جوڑیاں حسین نظر آرہی ہیں وہیں صارفین کی نظریں فرحان اور عروہ کی ننھی پری، جہاں آرا پر بھی جم گئی ہیں۔ سوشل میڈیا پر اس وقت ہر جگہ صرف ماورا اور امیر کی شادی کی تصاویر دکھائی دے رہی ہیں جنہیں صارفین بے حد پسند کر رہے ہیں۔

میرا پیٹ میری مرضی، مریم نفیس نے ایک اور نعرہ بلند کر دیا

مریم نفیس نے ایک بار پھر حمل کے دوران تازہ ترین فوٹو شوٹ سوشل میڈیا پر شیئر کر کے سب کی توجہ سمیٹ لی



لاہور (یو این پی) پاکستانی اداکارہ، میزبان، کانٹنٹ کریئٹر اور اکٹوسٹ مریم نفیس نے ایک بار پھر حمل کے دوران تازہ ترین فوٹو شوٹ سوشل میڈیا پر شیئر کر کے سب کی توجہ سمیٹ لی۔ ان دنوں مریم نفیس حمل کے آخری مراحل میں چل رہی ہیں اور اپنی اس پریگنینسی جرنی کو خوب انجوائے کرتے ہوئے ہر گزرتے دن مختلف شوٹس سے سوشل میڈیا پر رونق لگائے نظر آتی ہیں۔ اداکارہ مریم نفیس جلد ہی اپنے پہلے بچے کا خیر مقدم کرنے والی ہیں، وہ سال 2022 میں امان احمد کیساتھ رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئیں اور خوش خرم زندگی گزار رہی ہیں۔ سیر سپاٹوں کی شوقین مریم نفیس کے شوبز کیریئر کی بات کریں تو انہوں نے ڈراما "دیارِ دل" میں بطور "زرمینے" اداکاری کی دنیا میں قدم رکھا جس کے بعد ڈراما "کچھ نہ کہو" میں تابندہ کا کردار نبھاتی نظر آئیں۔ علاوہ ازیں انہوں نے اپنے کریئر میں کئی سپر ہٹ پراجیکٹس میں فنی صلاحیتوں کا ایسا مظاہرہ کیا کہ لاکھوں لوگوں کو بھی اپنا دیوانہ بنالیا۔ چند دن قبل اداکاہ کیلئے گود بھرائی کی رسم کا اہتمام کیا گیا تھا جس میں فیملی کے افراد سمیت اداکار احمد علی اکبر اور عثمان خالد بٹ بھی شامل ہوئے۔ اداکارہ کے اس لک کو دیکھ کر سوشل میڈیا صارفین نے ایک بار پھر انہیں ٹرول کرنا شروع کر دیا جبکہ کئی صارفین ایسے بھی تھے۔

پاکستانی اسٹار خزیمہ تنویر نے بھرپور صلاحیتوں کا اظہار کیا ہے، شعیب



دبئی (یو این پی) ورلڈ آئی ایل ٹی 20 سیزن 3 کے میگا فائنل کے قریب پہنچنے کے ساتھ ہی پاکستان کے مایہ ناز بالر شعیب اختر نے شارجہ واریئرز کی حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ ٹائٹل کے اصل حقدار ہیں۔ ڈی پی ورلڈ آئی ایل ٹی 20 کے سفیر اور کمنٹیٹر شعیب اختر نے دفاعی چیمپئن ایم آئی ایمریٹس کو 8 وکٹوں سے شکست دیکر پلے آف کے لئے کوالیفائی کرنے والی تیسری ٹیم بننے پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ شارجہ واریئرز کے ساتھ ہیں کیوں کہ انہوں نے ٹورنامنٹ میں اچھی کارکردگی کا آغاز بہت دیر سے کیا ہے۔ انہوں نے اس مقام پر پہنچنے کی رفتار حاصل کی جہاں وہ آج ہیں۔ شارجہ کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے جانے والے ایلیمنیٹر میں واریئرز کا مقابلہ ایم آئی ایمریٹس سے ہوگا۔ ایلیمنیٹر کی فاتح ٹیم فائنل میں جگہ بنانے کے لیے ڈیزرٹ وائپرز سے مقابلہ کرے گی۔ شعیب اختر نے میزبان ٹیم کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ اگرچہ میں چاروں ٹیموں نے اعلیٰ معیار کی کرکٹ کھیلی ہے تاہم میرے خیال میں ٹائٹل کی حقیقی حقدار شارجہ واریئرز ہے۔ شعیب اختر نے کہا کہ ڈی پی ورلڈ آئی ایل ٹی 20 ہر سال بہتر ہوتا جارہا ہے وہ دوسری بار لیگ کا حصہ بننے پر فخر محسوس کر رہے ہیں انہیں لگتا ہے کہ جب ٹی آر پی اور ٹورنامنٹ تک رسائی کی بات آتی ہے تو اعداد و شمار سچ بولتے ہیں آپ یہاں کھیلنے والے کھلاڑیوں کا معیار دیکھ سکتے ہیں۔

کرسٹیانو رونالڈو 40 سال کے ہو گئے

کیریئر کے دوران 900 گول کرنے والے پہلے فٹبالر کا صارفین کا سالگرہ کی مبارک باد دینے پر شکریہ



لزبن (این این آئی) بین الاقوامی شہرت یافتہ پرتگال کے نامور فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو 40 سال کے ہو گئے۔ فٹبال کی دنیا کے بے تاج بادشاہ کرسٹیانو رونالڈو نے زندگی کی 40 بہاریں دیکھ لیں۔ سالگرہ کے موقع پر فٹبالر نے سوشل میڈیا اکاؤنٹ انسٹاگرام پر نئی تصویریں شیئر کی ہیں۔ دنیا بھر میں سوشل میڈیا پر سب سے زیادہ فالو کیے جانے والے کرسٹیانو رونالڈو نے اپنے کروڑوں مداحوں کے ساتھ اپنی گرل فرینڈ اور فیملی کی تصویر شیئر کی ہے۔ کیریئر کے دوران 900 گول کرنے والے پہلے فٹبالر نے اپنی پوسٹ میں صارفین کا سالگرہ کی مبارک باد دینے پر شکریہ ادا کرتے ہوئے بتایا ہے کہ میں نے 40 ویں سالگرہ خاندان اور دوستوں کے ساتھ گزاری ہے۔ کرسٹیانو رونالڈو نے اپنی 40 ویں سالگرہ کے دن کو خوش گوار قرار دیا ہے۔ یاد رہے کہ کرسٹیانو رونالڈو نے 2016ء میں یورو کپ جیتا تھا جبکہ وہ پرتگال کو بھی کئی اہم فتوحات دلوا چکے ہیں۔ کچھ روز قبل دیے گئے ایک انٹرویو میں پرتگال کے اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو کا خود سے متعلق کہنا تھا کہ مجھے لگتا ہے کہ میں اب تک کا سب سے مکمل فٹبالر ہوں۔ اسپینش میڈیا کو دیے گئے انٹرویو میں کرسٹیانو رونالڈو نے کہا تھا کہ لوگ لیونل میسی، میرا ڈونا یا پیلے کو پسند کر سکتے ہیں، میں ان لوگوں کا احترام کرتا ہوں لیکن میں سب سے مکمل ہوں۔ کرسٹیانو رونالڈو نے کہا تھا کہ میں فٹبال کی تاریخ کا بہترین کھلاڑی ہوں۔

چیمپئنز ٹرافی، آسٹریلیا کو ایک ہی دن 3 بڑے دھچکے لگ گئے

سڈنی (یو این پی) آسٹریلوی کپتان پیٹ کمنز انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) چیمپئنز ٹرافی سے باہر ہو گئے۔ آسٹریلیا کے فاسٹ بولر جوش ہیزل ووڈ بھی اسکواڈ سے باہر ہو گئے جبکہ مارکس اسٹوئنس نے آج ہی ون ڈے کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا ہے۔ آل راؤنڈر مچل مارش پہلے ہی فٹنس کے مسائل کے باعث اسکواڈ سے باہر ہو چکے ہیں۔ آسٹریلیا کو چیمپئنز ٹرافی کے ابتدائی اسکواڈ میں 4 تبدیلیاں کرنا پڑ گئیں، آسٹریلیا سری لنکا کے خلاف ٹیسٹ کے اختتام پر اسکواڈ کو حتمی شکل دے گا۔ پیٹ کمنز ٹخنے کی انجری سے صحت یاب نہیں ہو سکے جبکہ جوش ہیزل کو بھی انجری کا سامنا ہے۔ آسٹریلیا کے دونوں فاسٹ بولرز کو ری ہیب کے لیے ابھی وقت درکار ہے۔

مارکس اسٹوئنس کا ون ڈے کرکٹ سے فوری ریٹائرمنٹ کا اعلان

سڈنی (یو این پی) آسٹریلوی کرکٹر مارکس اسٹوئنس نے ون ڈے کرکٹ سے فوری ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا۔ مارکس اسٹوئنس نے 74 ون ڈے میچز میں آسٹریلیا کی نمائندگی کی۔ اس حوالے سے کرکٹ آسٹریلیا نے بتایا کہ مارکس اسٹوئنس ٹی ٹوئنٹی کی سلیکشن کے لیے دستیاب رہیں گے۔ مارکس اسٹوئنس ٹی ٹوئنٹی کرکٹ پر فوکس کے لیے ون ڈے سے ریٹائر ہوئے ہیں۔ مارکس اسٹوئنس چیمپئنز ٹرافی کے لیے آسٹریلوی اسکواڈ کا حصہ تھے، چیمپئنز ٹرافی کے لیے ٹیم میں ان کا متبادل شامل کیا جائے گا۔

آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی پشاور یونیورسٹی پہنچ گئی

پشاور (یو این پی) آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کی پشاور یونی ورسٹی میں تقریب رونمائی ہوئی ہے۔ سیکرٹری کھیل کے پی داؤد خان نے اس حوالے سے بتایا کہ تعلیم کے ساتھ کھیل کی سرگرمیاں بھی ضروری ہیں، یہ فخر کی بات ہے کہ یونیوسٹی میں ٹرافی کی تقریب رونمائی ہوئی ہے۔ کے پی کے سیکرٹری کھیل نے چیئرمین پی سی بی کی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ محسن نقوی نے پاکستان میں انٹرنیشنل کرکٹ کی بحالی کیلئے کام کیا۔ انہوں نے کہا کہ امید ہے کہ پاکستان کی ٹیم اس ٹورنمنٹ میں اچھا پرفام کرے گی۔

صدر مملکت آج نویں ایشین ونٹر گیمز کی افتتاحی تقریب میں شرکت کریں گے

بیجنگ (یو این پی) صدر مملکت آصف علی زرداری (آج) جمعہ کو چین کے شہر ہاربن میں نویں ایشین ونٹر گیمز کی افتتاحی تقریب میں شرکت کریں گے، پاکستان کا قومی دستہ نویں ایشین سرمائی کھیلوں میں شرکت کے لیے جمعرات کو چین کے شہر ہاربن پہنچ گیا۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق نویں ایشین ونٹر گیمز (آج) 7 فروری بروز جمعہ سے چین کے شہر ہاربن میں شروع ہو گی، جو 14 فروری تک جاری رہیں گی، صدر مملکت آصف علی زرداری بھی (آج) جمعہ کو نویں ایشین ونٹر گیمز کی افتتاحی تقریب میں شرکت کریں گے۔ اس میں ایشیا بھر سے سرمائی کھیلوں کے ٹاپ ایتھلیٹس جمع ہوں گے۔ پاکستان کے چھ رکنی دستے کی قیادت ایئر کموڈور اصغر جمیل کریں گے جس میں دو کھلاڑی، ایک کوچ اور آفیشلز شامل ہوں گے۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق جوش وخروش اور عزم سے بھرپور کھلاڑی موسم سرما کے مختلف کھیلوں میں حصہ لیں گے جو موسم سرما کے بین الاقوامی مقابلوں میں ملک کی نمائندگی کے لئے ایک اور سنگ میل ثابت ہوگا۔ الپائن اسکیئر محمد کریم نے چائنا اکنامک نیٹ (سی ای این) کو بتایا کہ وہ تین سرمائی اولمپکس میں پاکستان کی نمائندگی کر چکے ہیں اور اس بار وہ ہاربن میں ہونے والے نویں ایشین ونٹر گیمز میں حصہ لیں گے۔ انہوں نے کہا ہم اپنے برادر ملک میں شرکت کر کے بہت خوش ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ مقابلے بہت اچھے ہوں گے۔ بیجنگ میں میرا آخری تجربہ بہت اچھا تھا اور مجھے امید ہے کہ آنے والے میچ بھی بہت اچھا تجربہ ہوں گے۔ کراس کنٹری اسکیئر محمد شبیر نے بھی چین میں مضبوط کارکردگی کی امید کا اظہار کیا۔ وہ 8 سے 12 فروری تک ایکشن میں رہیں گے۔ ٹیم کے کوچ اور پاکستان کے پہلے سرمائی اولمپئن محمد عباس، جن کا تعلق گلگت بلتستان، پاکستان سے ہے، نے سی ای این کو بتایا کہ وہ اچھی طرح سے تیار ہیں اور ملک کا نام روشن کرنے کے لئے پرامید ہیں۔ انہوں نے کہا، "ہم نویں ایشیائی سرمائی کھیلوں میں حصہ لینے جا رہے ہیں، جو ہمارے دوست ملک چین میں منعقد ہوں گے۔

چیمپئنز ٹرافی کے آن لائن ٹکٹس (آج) سے دستیاب ہوں گے

اسلام آباد (یو این پی) آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 کے نے چیمپئنز ٹرافی کے آن لائن ٹکٹس خریدنے والوں کے لیے ہدایات جاری کر دی گئیں، آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے آن لائن ٹکٹ نجی کوریئر کمپنی سے (آج) جمعہ 7 فروری شام 4 بجے سے دستیاب ہوں گے۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ آن لائن بک کیے گئے ٹکٹس 7 فروری سے نجی کوریئر کمپنی کے مقرر کردہ مراکز سے دستیاب ہوں گے، ملک کے 13 شہروں میں نجی کوریئر کمپنی کے 37 مراکز قائم کیے گئے ہیں، جہاں ٹکٹس دستیاب ہیں۔ پی سی بی کے مطابق جن لوگوں نے آن لائن ٹکٹس بک کرائے ہیں، انہیں ہارڈ کاپی حاصل کرنا لازم ہے، فزیکل ٹکٹس حاصل کرنے کے لیے ٹکٹ خریدنے والے کا اصل شناختی کارڈ دکھانا لازمی ہوگا۔ واضح رہے کہ 24 دسمبر 2024 کو انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے پاکستان کی میزبانی میں ہائبرڈ ماڈل کے تحت ہونے والی چیمپئنز ٹرافی 2025 کے شیڈول کا اعلان کر دیا تھا۔ چیمپئنز ٹرافی 2025 کے میچز کا انعقاد پاکستان اور متحدہ عرب امارات میں ہوگا، ایونٹ کا آغاز 19 فروری سے کراچی میں ہوگا جبکہ اختتام 9 مارچ کو ہوگا۔



چوتھی جونیئر پولو چیمپئن شپ کے چوتھے دن ذکی فارمز اور سی ٹی آئی شپنگ کی ٹیموں میں میچ کا منظر

انسولین سے بچنے کے لیے کیلئے مفید ٹوٹکے

اقصیٰ ناز ایڈووکیٹ



ذیابیطس ایک میٹابولک مرض ہے جس میں جسم اپنی توانائی کے لیے گلوکوز استعمال کرنے میں ناکام ہو جاتا ہے، انسانی جسم حاصل کردہ غذا سے وہ طاقت نہیں لے پاتا جتنی اسے ضرورت ہوتی ہے جس کی وجہ جسم کا انسولین کی مطلوبہ مقدار نہ بنانا ہوتا ہے یا پھر پیدا شدہ انسولین درست کام نہیں کر رہی ہوتی۔ طبی ماہرین کے مطابق انسولین انسانی صحت کے لیے ایک ضروری ہارمون ہے، انسانی جسم میں موجود اعضاء لبلبہ انسولین پیدا کرتا ہے، انسولین جسم کے خلیوں (سیلز) کو غذا سے شکر مہیا کرتی ہے، جسم کے خلیے شکر سے قوت لینا شروع کر دیتے ہیں، بعض اوقات جسم کے خلیے انسولین کے ساتھ مل کر کام نہیں کرتے جو کہ ذیابیطس ہونے کا سبب ہے۔ ماہرین کے مطابق ذیابیطس تب ہوتی ہے جب انسولین مناسب مقدار میں پیدا نہیں ہوتی یا کام نہیں کرتی، اس کی وجہ سے گلوکوز ہمارے خون میں جمع ہونا شروع ہو جاتا ہے اور پھر پیشاب کے راستے نکل جاتی ہے، جسم میں گرمائش، پٹھوں کے کام، دل کی دھڑکن، پھیپھڑوں سے سانس لینے، دماغ کے سوچنے، کروڑوں نئے خلیوں کے بننے اور مرمت کے لیے توانائی و طاقت بے حد ضروری ہوتی ہے۔

شوگر کی اقسام

شوگر کی دو قسمیں ہوتی ہیں، بچوں اور نوجوانوں میں ٹائپ 1 ذیابیطس زیادہ نہیں پائی جاتی ہے، ٹائپ 1 ذیابیطس میں بیٹا سیلز برباد ہو جاتے ہیں اور جسم انسولین نہیں بنا پاتا۔ زیادہ تر نوجوانوں کو ٹائپ 2 ذیابیطس ہونے لگی ہے، اس قسم کی ذیابیطس میں جسم کچھ انسولین ضرور پیدا کرتا ہے لیکن یا تو وہ کافی مقدار میں نہیں ہوتی یا پھر اتنی نہیں ہوتی کہ خون میں شوگر لیول برقرار رکھ سکے۔

ذیابیطس ٹائپ 1

ٹائپ 1 ذیابیطس کا دنیا بھر میں تقریباً ایک ہی علاج ہے اور وہ یہ کہ دن میں متعدد بار انسولین لگائی جائے یا ایسا پمپ استعمال کیا جائے، جو انسولین کی ترسیل رواں رکھے۔

ذیابیطس ٹائپ 2

ٹائپ 2 ذیابیطس صحت مند غذا، جسمانی ورزش، وزن کو کم کرنے اور دوا لینے سے قابو کی جا سکتی ہے، اس کے علاج کے لیے اپنا طرز زندگی بدلنا بہت ضروری ہے، اگر پورا خاندان ٹائپ 2 ذیابیطس کے لیے صحت مند طرز زندگی اپنا لے تو اس طرح خاندان کے باقی افراد کو ذیابیطس ہونے کے امکانات کم ہو جاتے ہیں کیونکہ وہ بھی خطرے کی لکیر کے قریب ہوتے ہیں۔ ذیابیطس ٹائپ 2 میں خون میں شوگر لیول کو قابو میں رکھنے کے لیے ڈاکٹر گولیاں تجویز کرتے ہیں، جن کی مدد سے جسم میں انسولین کام کرنا شروع کر دیتی ہے۔ دارچینی کا شمار دنیا بھر میں استعمال ہونے والے معروف ترین گرم مسالہ جات میں ہوتا ہے، دار چینی کے چند حیرت انگیز فوائد سے ابھی بھی لوگ ناواقف ہیں جس کے نتیجے میں دارچینی کو صحیح استعمال میں بھی نہیں لایا جاتا ہے۔ طبی و غذائی ماہرین کے مطابق قدیم زمانوں سے دارچینی دوا کی حیثیت حاصل ہے۔ تحقیق کے مطابق 26 مسالوں میں جب اینٹی آکسیڈنٹس کی موجودگی پر تحقیق کی گئی تو اس کے نتائج میں دارچینی واضح طور پر فاتح قرار پائی، یہاں تک کہ اس نے سپر فوڈ کہلائے جانے والی ادرک کو بھی پیچھے چھوڑ دیا۔ ہر گھر کے کچن میں با آسانی دستیاب دارچینی صحت کے لیے نہایت مفید ہے، غذائی ماہرین کے مطابق دارچینی کے 100 گرام میں 274 کیلوریز پائی جاتی ہیں جبکہ اس میں 10 ملی گرام سوڈیم، 431 گرام پوٹاشیم، 81 گرام کاربوہائیڈرایٹس، 2.2 گرام شکر اور 4 گرام پروٹین پائی جاتی ہے، اسی طرح دار چینی کے 100 گرام میں میں 5 فیصد وٹامن اے، 6 فیصد وٹامن سی، 100 فیصد کیلشیم، 46 فیصد آئرن، 15 فیصد میگنیشیم اور 10 فیصد وٹامن بی 6 پایا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ دار چینی فائبر سے بھرپور بھی ہوتی ہے، جس کے ہر 100 گرام میں تقریباً 53 اعشاریہ 3 گرام فائبر ہوتا ہے۔ غذائی و طبی ماہرین کی جانب سے دارچینی خون میں موجود شوگر کے لیول کو متوازن رکھنے اور قدرتی انسولین کی افزائش کے لیے بہترین جز قرار دی جاتی ہے، انسولین کی مثبت افزائش کے سبب دارچینی ذیابیطس کا ایک مؤثر علاج ہے، ماہرین کے مطابق شوگر کے مریضوں کے استعمال کے لیے دارچینی کو کھانے میں با آسانی بغیر کسی نقصان کے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ دار چینی میں قدرتی انسولین کی افزائش کی خصوصیات کے ساتھ مضر صحت مادوں کے خلاف موثر کردار ادا کرنے والے قدرتی اینٹی آکسیڈنٹ اجزا بھی پائے جاتے ہیں۔ انسولین کی قدرتی افزائش بڑھانے اور انسولین کے انجیکشن سے بچاؤ کے لیے دارچینی کا استعمال کس طرح کرنا مفید ہے۔

پہلا طریقہ

طبی ماہرین کی جانب سے تجویز کیا جاتا ہے کہ بے شمار فوائد کی حامل دارچینی کے فوائد حاصل کرنے کے لیے رات بھر کے لیے ایک سادہ گلاس پانی میں دارچینی کے ایک انچ کا ٹکڑا بھگو دیں اور گلا کو ڈھانپ دیں، صبح نہار منہ اس دارچینی کے پانی کو پی لیں اور دارچینی کا ٹکڑا پھینک دیں۔

دوسرا طریقہ

صبح اٹھتے ہی دارچینی کے ایک انچ کے ٹکڑے کو گرم ابلتے ہوئے پانی (ایک کپ پانی) میں ڈال دیں اور 15 منٹ کے لیے اسے ڈھانپ کر رکھ دیں، بعد ازاں اسے پی لیں اور دار چینی کا ٹکڑا پھینک دیں۔ دارچینی کو پانی میں چولہے پر ابالنے سے پرہیز کریں۔ کوشش کریں کے دونوں طریقوں کے لیے کانچ یا دھاتی برتنوں کا استعمال کیا جائے، پلاسٹک کے برتن کے استعمال سے گریز کریں۔

ذیابیطس دنیا میں تیزی سے عام ہوتا ہوا ایسا مرض ہے جسے خاموش قاتل کہا جائے تو غلط نہ ہوگا کیونکہ یہ ایک بیماری کئی امراض کا باعث بن سکتی ہے اور حیرت انگیز طور پر ذیابیطس ٹائپ ٹو کے شکار 25 فیصد افراد کو اکثر اس کا شکار ہونے کا علم ہی نہیں ہوتا۔

اس مرض کا شکار ہونے کی صورت میں کچھ علامات ایسی ہوتی ہیں جس سے عندیہ ملتا ہے کہ آپ کو اپنا چیک اپ کروا لینا چاہئے تاکہ ذیابیطس کی شکایت ہونے کی صورت میں اس کے اثرات کو آگے بڑھنے سے روکا جا سکے۔

جب آپ ذیابیطس کے شکار ہو جائیں تو آپ کا جسم خوراک کو شوگر میں تبدیل کرنے میں زیادہ بہتر کام نہیں کر پاتا جس کے نتیجے میں دوران خون میں شوگر کی مقدار بڑھ جاتی ہے اور جسم اسے پیشاب کے راستے باہر نکالنے لگتا ہے، یعنی ٹوائلٹ کا رخ زیادہ کرنا پڑتا ہے۔ تاہم اس مرض کے شکار اکثر افراد اس خاموش علامت سے واقف ہی نہیں ہوتے اور نہ ہی اس پر توجہ دیتے ہیں۔ خاص طور پر رات کو جب ایک یا 2 بار ٹوائلٹ کا رخ کرنا تو معمول سمجھا جا سکتا ہے تاہم یہ تعداد بڑھنے اور آپ کی نیند پر اثرات مرتب ہونے کی صورت میں اس پر توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

بہت زیادہ پیشاب کرنے کے نتیجے میں پیاس بی زیادہ محسوس ہوتی ہے اور ذیابیطس کے مریض افراد اگر جوسز، کولڈ ڈرنکس یا دودھ وغیرہ کے ذریعے اپنی پیاس کو بجھانے کی خواہش میں مبتلا ہو جائیں تو یہ خطرے کی علامت ہو سکتی ہے۔ یہ میٹھے مشروبات خون میں شکر کی مقدار کو بڑھا دیتے ہیں جس کے نتیجے میں پیاس کبھی ختم ہونے میں ہی نہیں آتی۔ جسمانی وزن میں اضافہ ذیابیطس کے لیے خطرے کی علامت قرار دی جاتی ہے تاہم وزن میں کمی آنا بھی اس مرض کی ایک علامت ہو سکتی ہے۔







روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

گورنر ہاؤس لاہور میں پاکستان مغل سپریم کونسل کے زیر اہتمام ظہیر الدین بابر کی 542 ویں سالگرہ کا اہتمام

پاکستان کی سب سے بڑی برادری کی جملہ تنظیموں کے سربراہان محمد ارشد مغل، احسن علی مغل سمیت پاکستان بھر سے دیگر شرکاء نے شرکت کی



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) گورنر ہاؤس پنجاب لاہور میں پاکستان مغل سپریم کونسل کے زیر اہتمام تنظیم مغل بادشاہ ظہیر الدین محمد بابر کی 542 ویں سالگرہ کا اہتمام کیا گیا۔ اس پر وقار تقریب میں گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان مغل نے خصوصی کردار ادا کرتے ہوئے پاکستان کی سب سے بڑی برادری کی جملہ تنظیموں کے سربراہان محمد ارشد مغل، احسن علی مغل، وائس پریذیڈنٹ تنظیم مغلیہ پنجاب نعیم قمر، خالد جنجوعہ گلزار حسین طاہر، حاجی ریاض احمد، احتشام الحق مغل سمیت پاکستان بھر سے تشریف لائے ہوئے خواتین وحضرات نوجوانوں اور بزرگوں کے ساتھ سالگرہ کا کیک کاٹا۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان مغل نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ آج ہم ایک ایسی شخصیت کی یاد میں اکٹھے ہوئے ہیں جس نے نہ صرف ایک عظیم سلطنت کی بنیاد رکھی بلکہ تاریخ میں اپنے کارناموں سے انمٹ نقوش چھوڑے۔ وہ شخصیت کوئی اور نہیں بلکہ مغل سلطنت کے بانی، فاتح، مدبر اور شاعر، ظہیر الدین محمد بابر ہیں۔ بچپن ہی سے بہادری، حکمت اور قیادت کے جوہر نمایاں تھے۔ اُن کا کہنا تھا کہ محض 12 سال کی عمر میں فرغانہ کے تخت پر بیٹھے اور مسلسل مشکلات اور سازشوں کے باوجود اپنے خوابوں کو حقیقت میں بدلنے کے لیے جدوجہد جاری رکھی۔ بابر نے 1526ء میں پانی پت کی پہلی جنگ لڑ کر ہندوستان میں مغل سلطنت کی بنیاد رکھی۔ یہ محض ایک جنگ نہیں تھی، بلکہ برصغیر کی تاریخ کا وہ لمحہ تھا جب ایک نئی سلطنت نے جنم لیا جو آئندہ تین سو سال تک قائم رہی۔ بابر نے ہندوستان میں جدید فوجی حکمت عملی متعارف کرائی۔ توپ خانے، گھڑ سوار دستے اور جنگی حکمت عملی میں جدت لا کر اپنی افواج کو ناقابل تسخیر بنا دیا۔ بابر نے ہندوستان میں انصاف اور امن قائم کرنے کے لیے بہترین عدالتی نظام متعارف کرایا۔ اس نے حکمرانی میں سختی اور نرمی کا حسین امتزاج پیدا کیا، جس سے عوام میں اس کی مقبولیت بڑھتی گئی۔ بابر صرف ایک فاتح نہیں بلکہ ایک حساس دل رکھنے والا شاعر اور ادیب بھی تھا۔ اس نے ۞۞ بابر نامہ ۞۞ تحریر کیا، جو نہ صرف ایک تاریخی دستاویز ہے بلکہ اس کے علمی و ادبی ذوق کی بھی عکاسی کرتا ہے۔

ایم ایم فاؤنڈیشن پاکستان کی ریسکیو ٹیم نے 250 سے زائد مریضوں کو ہسپتال منتقل کیا

متعدد ڈیتھ باڈیز کو گھروں اور روڈ ایکسیڈنٹ کے درجنوں زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا



کھڑیانوالہ (نمائندہ قوت) فلاحی ادارہ ایم ایم فاؤنڈیشن پاکستان کی ریسکیو ٹیم نے 250 سے زائد مریضوں کو ہسپتال منتقل کیا۔ متعدد ڈیتھ باڈیز کو گھروں میں منتقل کیا۔ روڈ ایکسیڈنٹ کے درجنوں زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا عارف علی سابق ناظم، رانا شاہنواز خاں سابق چیئرمین، عبدالمالک ریٹائرڈ ہیڈ ماسٹر، چوہدری بشارت ٹھیکیدار، اجمل سہیل جٹ جوہل، چوہدری سلیم گجر نمبردار، سابق امیدوار پی پی 99 مرزا حسن یاسین بیگ، مرز ا اکرم، مدثر ایڈووکیٹ، رانا عرفان امین خاں ایڈووکیٹ، چوہدری علی وڑائچ، چوہدری صہیب گل، ڈاکٹر صغیر عمران، رانا یوسف، میاں شاہد ودیگر نے بانی فاؤنڈیشن رفیق حسین وٹیم کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ ایریا کے لیے اُن اقدام ہے۔ شہریوں کی زندگیاں بچانے میں اہم قدم ہے۔ عام اور ایم جیسی مریضوں کو بڑی سہولت ہے۔ جس سے لوگ مستفید ہو رہے ہیں۔ ادارہ دینی درس گاہ مسجد کے ساتھ ساتھ غرباء میں راشن کی تقسیم یتیم بچیوں کی شادی میں بھی معاونت کر رہا ہے۔

سیم نالہ شہر کے قریب ہونے کے باعث پینے کا پانی آلودہ ہو چکا ہے: شیخ محمد اکرم

ہیپاٹائٹس اور دیگر امراض کا خدشہ بڑھ گیا ہے جس کیلئے فوری اقدامات کئے جائیں

جھنگ (بیورو رپورٹ) الحاج شیخ محمد اکرم نے پنجاب اسمبلی کے اجلاس کے دوران خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیم نالہ شہر کے قریب ہونے کے باعث پینے کا پانی آلودہ ہو چکا ہے جس سے ہیپاٹائٹس اور دیگر امراض کا خدشہ بڑھ گیا ہے جس کیلئے فوری اقدامات کئے جائیں انہوں نے کہا کہ ضلع بھر کی تمام سڑکیں ٹوٹ چکی ہیں اور آئے روز حادثات ہوتے رہتے ہیں جس سے شہری موت کے منہ میں چلے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جنوبی پنجاب میں گندم 28 سو روپے فی من دی جارہی ہے جبکہ دیگر پنجاب میں 29 سو روپے فی من دوہرا معیار کیوں ایک ہی ریٹ سارے پنجاب کیلئے مقرر کیا جائے ان کا کہنا تھا کہ 150 سال سے شہر میں ایک ہی بوائز کالج ہے جبکہ بچیوں کیلئے تین کالج بن چکے ہیں فوری طور پر بچوں کیلئے ایک مزید کالج قائم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ شہر کے گلی محلوں میں صفائی کے ناقص انتظامات کے باعث گلیوں میں گندہ پانی کھڑا ہے جس سے شہریوں کی زندگی اجیرن ہو چکی ہے انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب نے کام تو کئے ہیں مگر سب لاہور کیلئے جب ہمارے علاقہ کے لوگ لاہور آ کر دیکھتے ہیں۔



پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کا جولائی 2024 میں تحلیل ہونے والا بورڈ تا حال نہ بن سکا

جہلم سمیت پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کے مختلف امور جمود کا شکار ہیں

جہلم (بیورو رپورٹ) پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کا جولائی 2024 میں تحلیل ہونے والا بورڈ تا حال نہ بن سکا جس کے باعث جہلم سمیت پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کے مختلف امور جمود کا شکار ہیں جبکہ اس بورڈ کو فعال کئے جانے کیلئے اقدامات نہ اٹھائے جانے کے باعث شہریوں میں شدید تشویش اور مایوسی پائی جاتی ہے شہریوں کے مطابق اتائی ڈاکٹرز پوری طرح بے لگام ہیں جگہ جگہ قائم اتائی کلینکس اور ہسپتالوں میں مریضوں کی جانوں سے کھیلا جا رہا ہے اور متعلقہ اتھارٹیز پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن عملدرآمد کی شدید کمی کے باعث موثر کاروائیوں اور مانیٹرنگ سے قاصر ہے جو اتائیوں کو مریضوں کی زندگیوں سے کھیلنے کا موقع مہیا کر رہی ہے، پنجاب حکومت کی عدم دلچسپی کے باعث پچھلے سات ماہ سے پنجاب ہیلتھ کیئر کمیشن کا بورڈ فعال نہیں ہو سکا جو وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔

ٹیچنگ ہسپتال گوندلانوالہ میں اضافی ویل چیئر مہیا کر دی گئی

ٹیچنگ ہسپتال سب کے لیے ہے، ہسپتال انتظامیہ اور مخیر حضرات مل کر ہسپتال میں آنے والے مریضوں کے لیے آسانیاں پیدا کرتے رہیں گے



گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) خدمت خلق ہی راہ نجات کا ذریعہ ہے۔ ٹیچنگ ہسپتال گوندلانوالہ میں اضافی ویل چیئر مہیا کر دی گئی تفصیلات کے مطابق گوندلانوالہ گاؤں کے رہائشی بلال ولد یوسف مہر اپنے والد کی طبیعت خراب ہونے پر ان کو ٹیچنگ ہسپتال میں چیک اپ کروانے لے گئے ہسپتال میں رش زیادہ ہونے کی وجہ سے ان کی فیملی کو ویل چیئر حاصل کرنے کے لیے کافی تگ ودو کرنا پڑی اسی وقت بلال نے دل میں ٹھان لی ہسپتال کے لیے اضافی ویل چیئر کا بندوبست کروں گا تا کہ ہسپتال میں آنے والے مریضوں کو ویل چیئر کے لیے تکلیف نہ ہو والد کی طبیعت ٹھیک ہونے پر انہوں نے فوراً 2 ویل چیئر کا بندوبست کیا اور ہسپتال کے ایم ایس ڈاکٹر منیر عمران حیدر شیرازی کے حوالے کی اس موقع پر ایم ایس ڈاکٹر منیر عمران حیدر شیرازی نے کہا کہ ٹیچنگ ہسپتال سب کے لیے ہے ہسپتال انتظامیہ اور مخیر حضرات مل کر ہسپتال میں آنے والے مریضوں کے لیے آسانیاں پیدا کرتے رہیں گے ان کا مزید کہنا تھا کہ ہم ہر ممکن کوشش کرتے ہیں کہ ہسپتال میں آنے والے مریضوں اور ان کے تیمارداروں کا خیال رکھا جائے جہاں کہیں کوتاہی ہو میرے علم میں لایا جائے میں اس کو ذاتی طور پر دیکھوں گا ڈاکٹر منیر عمران حیدر شیرازی نے جب سے ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال تعینات ہیں ٹیچنگ ہسپتال کے ہر شعبے میں بہتری نظر آ رہی ہے ہسپتال میں آنے والے مریضوں کے لیے آسانیاں پیدا کرتے رہیں گے ان کا مزید کہنا تھا کہ ہم ہر ممکن کوشش کرتے ہیں کہ ہسپتال میں آنے والے مریضوں اور ان کے تیمارداروں کا خیال رکھا جائے جہاں کہیں کوتاہی ہو میرے علم میں لایا جائے میں اس کو ذاتی طور پر دیکھوں گا ڈاکٹر منیر عمران حیدر شیرازی نے جب سے ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال تعینات ہیں ٹیچنگ ہسپتال کے ہر شعبے میں بہتری نظر آ رہی ہے ہسپتال میں آنے والے مریضوں اور انکے لواحقین کی شکایات کا فوری ازالہ کرنا ڈاکٹر منیر عمران حیدر شیرازی کی اولین ترجیح ہے گوندلانوالہ اتحاد پریس کلب کے وائس چیئرمین عثمان نعیم ڈار فرقان سمیع اللہ ڈار معظم مغل نے ٹیچنگ ہسپتال گوندلانوالہ میں بہترین خدمات انجام دینے پر ایم ایس ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر منیر عمران حیدر شیرازی کو مبارکباد دی اور انہیں خراج تحسین پیش کیا۔

کنٹرولر امتحانات گورنمنٹ کالج سیٹلائٹ ٹاؤن پروفیسر ڈاکٹر جعفر علی ریٹائرڈ، پر وقار تقریب میں خدمات کو خراج تحسین پیش کیا گیا

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) کنٹرولر امتحانات گورنمنٹ کالج سیٹلائٹ ٹاؤن پروفیسر ڈاکٹر جعفر علی ریٹائرڈ، پر وقار تقریب میں خدمات کو خراج تحسین پیش کیا گیا گورنمنٹ کالج سیٹلائٹ ٹاؤن کے کنٹرولر امتحانات اور شعبہ زوالوجی کے چیئرمین پروفیسر ڈاکٹر جعفر علی ریٹائرڈ ہو گئے، ان کے اعزاز میں کالج ہال میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ جس کی صدارت پرنسپل ڈاکٹر ندیم احمد نے کی تقریب کے منظم چیئرمین تقریبات میٹی ڈاکٹر نبی احمد نے نظامت کے فرائض سرانجام دیئے۔ تقریب سے خطاب کرتے پرنسپل ڈاکٹر ندیم احمد، وائس پرنسپل پروفیسر عبداللہ نعمان، ڈاکٹر بابر بیگ مطالی، ڈاکٹر محمد الیاس، ڈاکٹر خالد محمود بھٹہ، پروفیسر سلامت چیمہ و دیگر اساتذہ نے کہا کہ پروفیسر جعفر علی نے مثالی خدمات سرانجام دیں۔

پیکا ایکٹ کالا قانون اور میڈیا کی زبان بندی ہے: فیصل حیات پنوں

پی ٹی آئی نے بہت قربانیاں دیں تاریخ میں سنہری حروف سے نام لکھا جائے گا: پی ٹی آئی رہنما



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) ن لیگ من پسند فیصلے چاہتی ہے میڈیا کی زبان بندی کر کے سب کچھ کنٹرول میں کیا جا رہا ہے کسی بھی جمہوری ملک میں ایسی روایات نہیں ہیں پورا ملک ان کے قبضے میں ہے جو آواز اٹھاتا ہے اسے اٹھا لیا جاتا ہے پی ٹی آئی نے ان کا فاشسٹ چہرہ عوام کے سامنے رکھا ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے رہنما چوہدری فیصل حیات پنوں نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ عمران خان کی رہائی عنقریب ہونے والی ہے پی ٹی آئی نے ملک وقوم کیلئے بے شمار قربانیاں دی ہیں ملکی تاریخ میں سنہری حروف سے لکھا جائے گا کہ عمران خان سمیت پی ٹی آئی جھکی نہیں بلکہ سیسہ پلائی ہوئی دیوار ثابت ہوئی ہے پیکا ایکٹ کالا قانون ہے جو میڈیا کی زبان بندی اور سچ کو دبانے کے سوا کچھ نہیں ہے مذمت کرتے ہیں۔

چوہدری قمر جاوید گجر قتل کیس، پولیس نے 4 نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا

پی ٹی آئی کے ضلعی قائد چوہدری مہدی حسن بھٹی سمیت دکلاء، سیاسی شخصیات اور معززین علاقہ کے علاوہ ہزاروں کی تعداد میں افراد نے مرحوم کی نماز جنازہ میں شرکت کی



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) کوٹ نکہ میں پی ٹی آئی کے سابق امیدوار صوبائی اسمبلی اور سابق صدر بار پنڈی بھٹیاں چوہدری قمر جاوید گجر کو قتل کئے جانے کے الزام میں پولیس نے چار نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔ تاحال پولیس ملزمان کا سراغ نہ لگا سکی ہے۔ دوسری جانب چوہدری قمر جاوید گجر کی نماز جنازہ کوٹ نکہ میں ادا کی گئی جس میں پی ٹی آئی کے ضلعی قائد چوہدری مہدی حسن بھٹی سمیت وکلاء، سیاسی شخصیات اور معززین علاقہ کے علاوہ ہزاروں کی تعداد میں افراد نے شرکت کی۔ جبکہ سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر چوہدری احسن بھون ایڈووکیٹ نے مقتول کی رہائشگاہ پر پہنچ کر انکے بیٹے علی عمار گجر اور دیگر اہل خانہ سے تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ چوہدری قمر جاوید گجر ایک شریف النفس اصول پسند اور نہایت ہی ملنسار تھے جن کا خلاء کبھی پر نہیں ہوگا۔ انہوں نے چوہدری جاوید گجر کے ظالمانہ قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے ملزمان کی فوری گرفتاری کا مطالبہ کیا۔ جبکہ ڈسٹرکٹ بار اور پنڈی بھٹیاں بار کے وکلاء نے مقتول کے سوگ میں دوسری روز بھی عدالتوں میں پیش نہ ہوئے۔

وزیر اعلیٰ پنجاب آسان کاروبار لون اور فنانسنگ اسکیم کے حوالے سے چیمبر میں آگاہی سیشن

سیشن میں قصور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر کاشف کھوکھر، پنجاب اسمال انڈسٹریز کارپوریشن (PSIC) کے ریجنل ڈائریکٹر فاروق حمید بھی اس موقع پر موجود تھے

قصور (بیورو چیف) چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی جانب سے "وزیر اعلیٰ پنجاب آسان کاروبار لون اور فنانسنگ اسکیم" کے حوالے سے ایک آگاہی سیشن ڈسٹرکٹ کونسل ہال، قصور میں منعقد کیا گیا۔ اس تقریب میں قصور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر کاشف کھوکھر اور سینئر نائب صدر حاجی محمد اکرم زکی کے ساتھ پنجاب اسمال انڈسٹریز کارپوریشن (PSIC) کے ریجنل ڈائریکٹر فاروق حمید اور بینک آف پنجاب کے نمائندگان بھی اس موقع پر موجود تھے۔ سینئر نائب صدر قصور چیمبر، اکرم زکی نے ریجنل ڈائریکٹر، دیگر معزز مہمانوں اور قصور کے کاروباری برادری کے نمائندوں کو خوش آمدید کہا۔ سیشن میں پنجاب کمبرلن کی جانب سے تفصیلی گفتگو کی گئی، جس میں اسکیم کے دونوں درجوں (Tiers) پر روشنی ڈالی گئی۔ شرکاء کو بتایا گیا کہ وہ اس اسکیم کے تحت بلاسود قرض حاصل کر سکتے ہیں، جس میں 3 سے 6 ماہ کی مہلت دی جائے گی۔ اس اسکیم کے تحت 1 لاکھ سے 50 لاکھ روپے اور 50 لاکھ سے 3 کروڑ روپے تک کے قرضے دیے جا سکتے ہیں اس موقع پر پنجاب اسمال انڈسٹریز کارپوریشن اور بینک آف پنجاب کے نمائندگان نے کاروباری برادری اور عوام کے سوالات کے جوابات دیے۔ آخر میں قصور چیمبر آف کامرس کی صدر کاشف کھوکھر اور سینئر نائب صدر حاجی محمد اکرم زکی نے شرکاء کو شیلڈز پیش کیں۔

تھانہ احمد یار پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں جاری

نصیر احمد اے ایس آئی نے کارروائی کرتے ہوئے ذاکر عرف ذاکری کو منشیات فروش کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا



عارف والا: (راو ندیم تحصیل رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر پاکپتن جاوید چدھڑ کی قیادت میں تھانہ احمد یار پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں جاری۔ عارف والا/ایس ایچ او تھانہ احمد یار لقمان صادق ڈھڈی اور انکی ٹیم نصیر احمد اے ایس ائی کی منشیات فروش کے خلاف بلا تفریق کاروائیاں جاری۔ نصیر احمد اے ایس آئی نے کاروائی کرتے ہوئے ذاکر عرف ذاکری کو منشیات فروش کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا۔ ملزم سے 1600 گرام چرس برآمد، مقدمہ درج کر کے پابند سلاسل کر دیا۔

حفظ کلاس دار رقم سکول شرقپور شریف سالانہ امتحانات کی تقریب

قاری جاوید احمد صاحب انچارج راولپنڈی ریجن، قاری مختار یوسف زئی صاحب انچارج شعبہ حفظ ہزارہ ایبٹ آباد ریجن کی شرکت





شرقپور شریف (نمائندہ خصوصی تنویر ماجد) الحمدللہ۔ حفظ کلاس دار رقم سکول شرقپور شریف سالانہ امتحانات تہیڈ آفس دارارقم سکول لاہور سے تشریف لائے ہوئے مہمان۔ قاری جاوید احمد صاحب انچارج راولپنڈی ریجن، قاری مختار یوسف زئی صاحب انچارج ہزارہ ایبٹ آباد ریجن، طلباء اور سٹاف انچارج وسیم اقبال صاحب اور حفظ کے اساتذہ نے اپنے مہمانان گرامی کا شاندار استقبال کیا۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر شیخوپورہ ہلال ظفر شیخ نے تھانہ اے ڈویژن اور چوکی جیون پورہ میں کھلی کچہری لگا کر عوام کی شکایات کو ترجیح بنیادوں پر سن کر حل کیا

ڈی پی او شیخوپورہ کی جانب سے کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن انصاف عوام الناس کی دہلیز پر کی روشنی میں ڈی پی او شیخوپورہ کی جانب سے کھلی کچہریوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلہ میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر شیخوپورہ ہلال ظفر شیخ نے تھانہ اے ڈویژن اور چوکی جیون پورہ میں کھلی کچہری لگا کر عوام کی شکایات کو ترجیح بنیادوں پر سن کر حل کیا۔ ان میں سے کچھ شکایات کے فوری حل کے لیے متعلقہ پولیس افسران کو بھی احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او شیخوپورہ نے کہا کہ شیخوپورہ پولیس کی جانب سے عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے تمام وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔ عوام کے لیے میرے سمیت تمام پولیس افسران کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں۔ کھلی کچہریوں کا مقصد پولیس اور عوام میں تعاون اور رابطے کو مستحکم کرنا، لوگوں کی شکایات کو ترجیح بنیادوں پر سننا اور ان کا مناسب فوری حل، بر وقت کاروائی، جلد از جلد انصاف کے تقاضوں کو پورا کرنا اور انصاف کی فوری فراہمی کو عوام و الناس کے گھر کی دہلیز پر پہنچا کر ان کی داد رسی کرنا ہے۔ کھلی کچہریوں میں لوگوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے اس اقدام کو سراہا۔

تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی نے بے قابو ہو کر موٹر سائیکل کو ٹکر مار دی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی نے بے قابو ہو کر موٹر سائیکل کو ٹکر مار دی جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار نوجوان موقع پر جاں بحق جبکہ اس کا ساتھی شدید زخمی ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق اکبر روڈ نزد محمد پورہ کے قریب مکہ سوسائٹی اوکاڑہ کا رہائشی نوجوان 22 سالہ طیب ولد عاشق حسین اپنی موٹر سائیکل پر سوار ہو کر جا رہے تھے کہ اچانک تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی نمبر 7974 نے بے قابو ہو کر ٹکر مار دی جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار 22 سالہ نوجوان طیب ولد عاشق حسین موقع پر جاں بحق جبکہ اس کا ساتھی شدید زخمی ہو گیا۔

معاشرتی امن کے لئے خطرہ بننے والے سماج دشمن قانون شکن عناصر کے خلاف قانونی کارروائیاں

ساہیوال (مہراے ڈی نسیم سپراے) ڈی پی او نے مساجد میں نماز جمعہ کی سیکورٹی چیک کی، معاشرتی امن کے لئے خطرہ بننے والے سماج دشمن قانون شکن عناصر کے خلاف قانونی کارروائیاں مزید سخت اور تیز کرنے کی ہدایات جاری، تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے احکامات اور آر پی او محبوب رشید کی ہدایات کی روشنی میں ڈی پی او اناطاہر رحمان نے جمعہ کے روز نماز جمعہ کی سیکورٹی چیک کی، انہوں نے مختلف مساجد کے باہر سیکورٹی پر تعینات پولیس اہلکاروں کا اسلحہ چیک کیا، مختلف سوالات پوچھے، انکا کہنا تھا کہ سیکورٹی ڈیوٹی کے دوران پولیس اہلکاروں کا سرکاری اسلحہ ہر حوالے سے ہمہ وقت مکمل ہونا چاہیے ڈی پی او نے ضلع بھر کی مساجد کی سیکورٹی اپنی نگرانی میں چیک کروائی، ضلع بھر کے پولیس افسران کو پروٹوکول ہدایات دیتے ہوئے ڈی پی او اناطاہر رحمان نے کہا کہ معاشرتی امن کی قیام و استحکام اولین ذمہ داری ہے اس پر کوئی مجھوتہ نہیں کیا جا سکتا، قانون پسند عوام کے مکمل تعاون کے ساتھ معاشرتی امن کے قیام کو بہتر سے بہترین کرنے کی کوششیں عملی اقدامات کی شکل میں جاری رہنی چاہییں۔

سماج دشمن عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کر کے پانچ افراد سے بھاری مقدار میں چرس اور شراب برآمد

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تھانہ صدر دیپالپور پولیس نے سماج دشمن عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کر کے پانچ افراد سے بھاری مقدار میں چرس اور شراب برآمد کر کے ان کو گرفتار کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر دیپالپور کے ایس ایچ او فخر حیات نے اپنی ٹیم کے ہمراہ سماج دشمن عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کر کے بدنام زمانہ منشیات فروش محمد امین ولد بشیر محمد سے 2 کلو 200 گرام چرس، ساجد جاوید ولد محمد عنی سے 1 کلو 20 گرام چرس، مقصود اشرف ولد اشرف سعید سے 40 لیٹر شراب، اللہ دتہ ولد شہباز سے 40 لیٹر شراب اور انتظار حسین ولد ہاشم علی سے 25 لیٹر شراب برآمد کر کے ان کے خلاف مقدمات درج کر لئے ہیں۔

پولیس تھانہ نور شاہ خواتین کو تحفظ فراہم دینے میں مکمل طور پر ناکام

ایک اور ہوا کی بیٹی درندہ صفت انسانوں کی ہوس کا نشانہ بن گئی

کمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) پولیس تھانہ نور شاہ خواتین کو تحفظ دینے میں مکمل طور پر ناکام جس کی وجہ سے ایک اور ہوا کی بیٹی درندہ صفت انسانوں کی ہوس کا نشانہ بن گئی تفصیلات کے مطابق 13 سالہ بچی سے گینگ ریپ 8 ملزموں کے خلاف مقدمہ درج 3 گرفتار تفصیلات کے مطابق ساہیوال صدر سرکل تھانہ نور شاہ کے علاقے میں خواتین عدم تحفظ کا شکار پولیس بے بسی کی تصویر بن کر رہ گئی خواتین کے ساتھ گینگ ریپ ہونا معمول بن گیا ایک اور دل دہلا دینے والا واقعہ نواحی چک 60 فرآ نازی کی 13 سالہ بیٹی غلام فاطمہ گھر پر اکیلی تھی کہ رات ساڑھے 8 بجے گھر کی دیوار پھلانگ کر زمیندار کے بیٹے شاہ زیب اعجاز شاہ چینی شاہ عرفان گلزار شاہ فاروق شاہ عرفان شاہ اور اللہ رکھا داخل ہو گئے اور ملزموں نے غلام فاطمہ کو بستر رضائی سے نکال کر کپڑے پھاڑ کر برہنہ کر دیا اور زبردستی آبروریزی کی اور ماں نازیہ کے آنے کے بعد ملزم فرار ہو گئے پولیس نور شاہ نے ماں نازیہ کی مدعیت میں مقدمہ 375 اے، 354، 511، 149،148،452 ت پ 8 ملزموں کے خلاف درج کر کے تین ملزموں کو حراست میں لے لیا ہے متاثرہ بچی کی والدہ نازیہ کا وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ میری بیٹی کے ساتھ گینگ ریپ کرنے والے درندہ صفت انسانوں کو گرفتار کر کے قرار واقعہ سزا دلوائی جائے۔

مائی ہیر سٹیڈیم جھنگ میں آل پاکستان بلائنڈ کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا

ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے بطور مہمان خصوصی دیگر افسران، کرکٹ کے شائقین اور پنجاب بھر سے کھلاڑیوں نے شرکت کی



جھنگ (بیورو رپورٹ) مائی ہیر سٹیڈیم جھنگ میں آل پاکستان بلائنڈ کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی جبکہ محکمہ سپورٹس سمیت دیگر افسران، کرکٹ کے شائقین اور پنجاب بھر سے کھلاڑیوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے مہمان ٹیموں سے اظہار محبت کرتے ہوئے کہا کہ جھنگ میں آل پاکستان بلائنڈ کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد ایک احسن اقدام ہے اور ہمارے لئے باعث فخر ہے۔ بصارت سے محروم افراد کیلئے صحت مند سرگرمیاں اور ان کی حوصلہ افزائی کرنا کسی نیکی سے کم نہیں ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے آل پاکستان بلائنڈ کرکٹ ٹورنامنٹ کی سریز کی فاتح ٹیم سمیت مین آف دی میچ، مین آف دی سیریز، بیٹ بولر آف ٹورنامنٹ، بیٹ بینس مین آف دی سیریز کو انعامات اور ٹرافیاں تقسیم کیں۔

ڈکیتی مزاحمت پر نامعلوم ڈاکوؤں کی فائرنگ دو افراد شدید زخمی

ڈاکو موقع سے فرار ہونے میں کامیاب، تا حال کوئی ڈاکو گرفتار نہ ہو سکا

کمبر اوکاڑہ چھاؤنی (نامہ نگار) پولیس تھانہ نور شاہ کو ڈاکوؤں کی بڑی اسلامی دن دہاڑے کریانہ سٹور پر دوران ڈکیتی مزاحمت پر نامعلوم ڈاکوؤں کی فائرنگ دو افراد شدید زخمی ڈاکو موقع سے فرار تا حال کوئی ڈاکو گرفتار نہ ہو سکا مقدمہ درج تفصیلات کے مطابق ساہیوال صدر سرکل تھانہ نور شاہ ڈکیت گینگ کے آگے بے بس تھانہ نور شاہ کے علاقے 50 والی پل کریانہ سٹور پر دوران ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر ڈاکوؤں کی فائرنگ دو افراد شدید زخمی۔ زخمیوں کی شناخت محمد فاروق اور امیر حسن کے نام سے ہوئی نامعلوم ڈاکو فائرنگ کرتے ہوئے موقع سے فرار ہو گئے لیکن بدقسمتی سے پولیس تھانہ نور شاہ نااہلی اور غفلت کی نیند میں خاموش تماشائی ڈکیت گینگ پکڑنے میں مکمل طور پر ناکام اور اہل علاقہ ڈاکوؤں کے رحم و کرم پر جب کہ پولیس تھانہ نور شاہ فوٹو سیشن کر کے سب اوکے کی رپورٹ پیش کر رہے ہیں دن دہاڑے ڈاکوؤں کی سرعام لوٹ مار کی وجہ سے اہل علاقہ میں شدید خوف و ہراس کی لہر محمد فاروق اور امیر حسین کا وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور آر پی او ساہیوال میاں محبوب رشید و ڈی پی او ساہیوال اناطاہر رحمان سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ تھانہ نور شاہ کے علاقے میں دن دہاڑے ڈکیتیاں ہو رہی ہیں لیکن بدقسمتی سے پولیس تھانہ نور شاہ بے بسی کی تصویر بنی ہوئی ہے اہل علاقہ تھانہ نور شاہ کو تحفظ دینے کے لیے اپنا کردار ادا کریں اور بے لگام ڈاکوؤں کو لگام ڈال کر گینگ فر کردار تک پہنچایا جائے۔

گھریلو تنازعہ پر شوہر نے فائرنگ کر کے بیوی کو قتل کر دیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) گھریلو تنازعہ پر شوہر نے فائرنگ کر کے بیوی کو قتل کر دیا تفصیلات کے مطابق چنیوٹ کے نواحی علاقہ چک نمبر 10 جگراں میں گھریلو جھگڑے کی بنا پر ملزم منور حسین نے فائرنگ کر کے اپنی بیوی بشرا بی بی کو موت کے گھاٹ اتار دیا لاش پوسٹ مارٹم کے لیے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال چنیوٹ منتقل کر دی گئی سینئر پولیس افسران اور تھانہ صدر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور حسب ضابطہ کاروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔

تیز رفتار ٹرالہ کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار نوجوان جاں بحق

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) تیز گرفتار ٹرالہ کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار نوجوان جاں بحق جبکہ دوسرا شدید زخمی تھانہ موتہ کے علاقہ سلوسٹار فیکٹری کے بشیر الحسن کا بھائی عمر ہمراہ نعیم موٹر سائیکل پر جا رہے تھے کہ ان کو تیز رفتار گاڑی نے ٹکر ماری اور وہ موٹر سائیکل سے نیچے گر گئے اور پیچھے سے آنیوالے تیز رفتار ٹرالہ نے کچل دیا جس کے نتیجہ میں اس کا بھائی موقع پر جاں بحق ہو گیا اور دوسرا شدید زخمی

روزنامہ ''قوت'' لاہور(7) ہفتہ 15 فروری 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

بقیہ

واہی سنج سنج، پاکستانی شہریوں کے لیے پوائے داؤ کے دروں پر کوئی پابندی نہیں، متعینہ تعمیر میں ہو جو توانوں کو شمیر دے جانے اور شہداء کی جانبداروں پر دیکھنے کی بھرپور مدد کرتے ہیں، تعلیمی ہوگا، انسانی حقوق کے اصولوں کے مطابق حق تواردا دیت عطا معیشت ہے، ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان نے 18 فروری کو 16 اور 18 فروری کو دو خاندانوں کو شہریت دی، ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ شہریت کے اصولوں کے مطابق حق تواردا دیت عطا کیا گیا، ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کا یہ اقدام انسانی ہمدردی کے جذبے کے تحت کیا گیا، ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان کا افغانستان میں موجودگی ایک عبوری مسئلہ ہے، پاکستان کسی افغان باشندے کو زبردستی واپس نہیں بھیجتا، پاکستان کے مختلف علاقوں میں 18 لاکھ افغان مقیم ہیں، ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کی

کسان نوکے بنیادی مسائل اور حکومتی پالیسیاں ناقابل قبول ہیں، ضیاالدین انصاری

حکمرانوں کی عوام دشمن پالیسیوں سے غریب کاشتکار اور کسان بھی رل گئے ہیں، کھادوزرعی آلات وٹھیٹری کے پرائس کنٹرول فارمولہ کی جائیں اور کسانوں سے 4 بنیادی مسئلہ نہ خریدی جائے

پنجاب سمیت ضلع بھاولنگر کے تمام چھوٹے بڑے شہریوں دیہاتوں میں پہلے ٹیلے وائٹ فلیٹ پلانٹ لائے جائیں، پنجاب اسمبلی کے سامنے احتجاجی دھرنے سے امیر جماعت اسلامی، دوگذ گاکرین کا خطاب

لاہور (خبر نگار) جماعت اسلامی بھاولنگر اور جماعت اسلامی لاہور کے زیر اہتمام حق دو بھاولنگر تحریک کے تحت پنجاب اسمبلی کے سامنے کسان دشمن پالیسیوں کے خلاف احتجاجی دھرنا دیا گیا۔ احتجاجی دھرنے کی قیادت امیر جماعت اسلامی ضلع بھاولنگر ارسلان خان خاکوانی اور امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کی۔ اس موقع پر امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ اور امیر جماعت اسلامی لاہور سیکریٹری اطلاعات عبدالعزیز عابد اور جماعت اسلامی بھاولنگر ارسلان خان خاکوانی اور امیر جماعت اسلامی ضلع بھاولنگر ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کارکنان و دیگر تاجران و صنعتکاران اور کسان بھائیوں سے خطاب کیا۔ اس موقع پر امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری نے کہا کہ پنجاب کی 2 بڑی تجارتی منڈیوں بھاولنگر اور بہاولپور کے تاجروں کی ہڑتال کے باعث پنجاب کے 2 کروڑ عوام کی زندگی مفلوج ہو کر رہ گئی ہے۔ ہڑتال کے باعث ہزاروں ٹرک ٹرالیاں کھڑی ہیں۔ ہزاروں مزدور بیروزگار ہو گئے ہیں۔ ہزاروں کسان اپنی گندم فروخت نہیں کر پا رہے۔ ہزاروں ٹن گندم کھیتوں میں پڑی ہے۔ ہزاروں ٹن گندم کھیتوں سے منڈیوں تک نہیں پہنچ سکی۔ ہزاروں ٹن گندم منڈیوں سے گوداموں تک نہیں پہنچ سکی۔ ہزاروں ٹن گندم گوداموں سے آٹا چکیوں تک نہیں پہنچ سکی۔ ہزاروں ٹن آٹا چکیوں سے دکانوں تک نہیں پہنچ سکا۔ ہزاروں ٹن آٹا دکانوں سے گھروں تک نہیں پہنچ سکا۔ ہزاروں گھروں میں آٹا ختم ہو چکا ہے۔ ہزاروں گھروں میں آٹا ختم ہونے والا ہے۔ ہزاروں گھروں میں آٹا ختم ہونے کے قریب ہے۔ ہزاروں گھروں میں آٹا ختم ہونے کے بعد فاقوں کی نوبت آ جائے گی